صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 26 | شمارہ: 02 | 12 تا 18 جنوری 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

پاکستان ریلوے اور سندھ حکومت کے درمیان 25 سالہ شراکت داری اتفاق

کراچی تا کشمور اور کراچی تا تھرپارکر جدید ریلوے روٹس پر کام شروع کرنے کا فیصلہ، سندھ میں 858 کلومیٹر ریلوے ٹریک کی بحالی کا جامع منصوبہ تیار

ریل پر مبنی مضافاتی ٹرانسپورٹیشن پلان سے 3 کروڑ 70 لاکھ افراد مستفید ہوں گے، جدید ڈی ایم یو ٹرینوں کی خریداری کے لیے 27.6 ارب روپے مختص

کراچی (کامرس رپورٹر) وزیرِ اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی کے درمیان ایک فیصلہ کن اجلاس میں صوبے کے ریلوے نظام کو جدید بنانے کے لیے اربوں روپے کے منصوبے پر اتفاق کیا گیا۔ اس منصوبے کا آغاز کراچی تا کشمور اور کراچی تا تھرپارکر روٹس سے ہوگا جس کا مقصد لاکھوں شہریوں کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ نے اجلاس میں عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہم صوبے بھر میں موجود 308 میں سے 100 مینڈ ریلوے کراسنگز کی تبدیلی، ریلوے نظام کی بحالی اور پہلے مرحلے میں اپنے وسائل سے چھ ٹرینیں جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید چھ ٹرینیں چلانے کے لیے 6.6 ارب روپے کی سرمایہ کاری کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے فوری طور پر فنڈز کے اجرا کی بھی ہدایت دی۔ وزیرِ اعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اس اجلاس میں وزیرِ ٹرانسپورٹ شرجیل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

آئل و فنانسنگ پر 30 لاکھ روپے کی حد ختم کی جائے، پاپام

شرائط میں نرمی سے گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ اور مقامی سپلائی چین مستحکم ہوگی

یہ پیش رفت وفاقی وزیرِ تجارت جام کمال خان کے پاپام کے بن قاسم آٹو موٹیو کلسٹر کے دورے کے موقع پر سامنے آئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹیو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے کار فنانسنگ (گاڑیوں کے لیے قرضے) پر عائد 30 لاکھ روپے کی حد کو ختم کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق ایسوسی ایشن کا موقف ہے کہ یہ پابندی صارفین کی طلب کو محدود کر رہی ہے اور مقامی آٹو موٹیو صنعت کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ آٹو ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ فنانسنگ (قرضوں) کی شرائط میں نرمی سے گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ اور مقامی سپلائی چین مستحکم ہوگی جبکہ اس شعبے میں وسعت کے امکانات پیدا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق یہ پیش رفت وفاقی وزیرِ تجارت جام کمال خان کے پاپام کے بن قاسم آٹو موٹیو کلسٹر کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

کراچی: پاک بحریہ کی جانب سے شمالی بحیرہ عرب میں ایل وائے 80 این ایئر ڈیفنس میزائل کا ہدف کو نشانہ بنانے کا کامیاب تجربہ کیا گیا

کاٹی کا سگ گزیدگی کے بڑھتے واقعات پر اظہارِ تشویش

فوری اور مؤثر اقدامات کے لیے آوارہ کتوں کو تلف کرنے کے سوا کوئی عملی راستہ باقی نہیں رہا، صدر کاٹی محمد اکرام

آوارہ کتوں کے مسئلے پر میئر کراچی کی کتا مار مہم کی مکمل حمایت کرتے ہیں، ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت اور ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا نے کراچی شہر میں آوارہ کتوں کے باعث بڑھتے ہوئے سگ گزیدگی کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں سگ گزیدگی کے کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں اور بزرگوں کی جانیں شدید خطرے میں ہیں۔ موجودہ صورتحال میں فوری اور مؤثر اقدامات کے لیے آوارہ کتوں کو تلف کرنے کے سوا کوئی عملی راستہ باقی نہیں رہا۔ صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت نے واضح کیا کہ نیوٹرل کرنے کا عمل نہ صرف وقت طلب ہے بلکہ موجودہ ہنگامی صورتحال میں اس کے نتائج فوری طور پر سامنے نہیں آ سکتے، جبکہ سگ گزیدگی کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

450 ارب ڈالرز کے قیمتی پتھر صنعت میں انقلابی تبدیلی کیلئے وزیراعظم متحرک

پاکستان کے پاس تقریباً 450 ارب ڈالر مالیت کے قیمتی پتھروں کے ذخائر موجود ہیں، لیکن برآمدات محض 5.8 ملین ڈالر سالانہ تک محدود ہیں، شہباز شریف نے ہدایت کی کہ اصلاحات کو فوری نافذ کیا جائے اور اگلے پانچ سال میں ایک ارب ڈالر برآمدی ہدف حاصل کیا جائے

عالمی معیار کی ٹیسٹنگ لیبارٹریاں اور سرٹیفکیشن سسٹم قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ برآمدات میں اضافے کے ساتھ ساتھ پاکستان برانڈ کی ساکھ اور اعتبار میں اضافہ ہو، پالیسی کا بنیادی مقصد مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے کاروبار دوست ماحول فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے قیمتی پتھروں کی صنعت میں انقلابی تبدیلی لانے کے لئے جامع نیشنل پالیسی فریم ورک کی اصولی منظوری دے دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق وزیراعظم اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ پاکستان کے پاس تقریباً 450 ارب ڈالر مالیت کے قیمتی پتھروں کے ذخائر موجود ہیں، لیکن برآمدات محض 5.8 ملین ڈالر سالانہ تک محدود ہیں۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ اصلاحات کو فوری نافذ کیا جائے اور اگلے پانچ سال میں ایک ارب ڈالر برآمدی ہدف حاصل کیا جائے۔ وزیراعظم نے ملک میں رواں سال دو سینٹر آف ایکسیلنس قائم کرنے کی ہدایت جاری کی تاکہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04) اس شعبے میں

عوام سے غیر فعال 14 ہزار میگاواٹ بجلی کے 2.2 کھرب روپے وصول کیے جانے کا انکشاف

پورے ملک میں سب سے زیادہ حکمِ امتناع کسی کمپنی کے پاس ہیں تو وہ کے الیکٹرک ہے

نیپرا کے پاس ایک ہزار میگاواٹ کے نئے کنکشنز کی درخواستیں پڑی ہیں، سینیٹ قائمہ کمیٹی اجلاس

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکریٹریٹ کے اجلاس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ عوام سے 14 ہزار میگاواٹ غیر فعال بجلی کے 2.2 کھرب روپے وصول کیے گئے ہیں اور نیشنل الیکٹرک اینڈ پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے کراچی میں لوڈ شیڈنگ سے متعلق دو سال سے زیر التوا سروے رپورٹ دو دن میں طلب کر لی گئی۔ پریس انفارمیشن ڈپارٹمنٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

کراچی میں شدید سردی

درجہ حرارت سنگل ڈیجیٹ ریکارڈ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں شدید سردی کی لہر برقرار ہے، جس کے باعث کراچی میں بھی درجہ حرارت سنگل ڈیجیٹ میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر قائد میں کم سے کم درجہ حرارت 9.3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جس کے باعث شہریوں کو شدید سردی کا سامنا ہے۔ محکمہ موسمیات کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

پاکستان اسٹیل ملز کی 6 ہزار ایکڑ زمین پر نیا ایکسپورٹ پروسیسنگ زون بنانے کا منصوبہ

یہ پیش فیڈ ریشن ہاؤس کراچی میں منعقدہ اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کے دوران انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن کے سیکرٹری سیف انجم نے ظاہر کی

پائیدار برآمدی ترقی صرف اسی صورت ممکن ہے جب پالیسی ساز ادارے اور کاروباری برادری مضبوط رابطہ رکھتے ہوں، عاطف اکرام

کرنے کی جانب بڑھ رہی ہے اور اس سلسلے میں 6 ہزار ایکڑ اراضی پر ایک نیا ایکسپورٹ پروسیسنگ زون قائم کرنے کی منصوبہ بندی جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ پیش فیڈ ریشن ہاؤس کراچی میں منعقدہ اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس کے دوران انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن کے سیکرٹری سیف انجم نے ظاہر کی، اجلاس کا عنوان تھا برآمدی کارکردگی پر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورتی سیشن جیسا کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0313-1176161

271 افسران کو سزائیں

کرپشن و اختیارات سے تجاوز پر ایف آئی اے کے

88 افسران اور اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کیا گیا، جن میں 2 ڈپٹی ڈائریکٹرز، 6 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز، 13 انسپکٹرز اور 20 سب انسپکٹرز شامل ہیں

دیگر اہلکاروں میں 5 اے ایس آئی، 13 ہیڈ کانسٹیبل، 20 کانسٹیبلز اور 9 منسٹریل اسٹاف ممبر شامل ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے بدعنوانی، نظم وضبط کی خلاف ورزی اور اختیارات سے تجاوز میں ملوث 271 افسران کو سزائیں سنا دیں۔ ایف آئی اے سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت مختار راجہ کی ہدایت پر ادارے میں اندرونی احتساب کا عمل جاری ہے اور ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشنل اکاؤنٹیبلٹی نے سن 2025 کے دوران مجموعی طور پر 271 اہلکاروں کو سزائیں سنائی ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بدعنوانی، نظم وضبط کی خلاف ورزی اور اختیارات سے تجاوز میں ملوث 88 افسران اور اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کیا گیا، جن میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

840 ارب روپے کا نقصان پہنچانے والے کسٹم افسران کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی

وزیراعظم معائنہ کمیشن نے 28 افسران، 40 فرنٹ مینوں اور اسمگلروں کے ناموں کی نشاندہی کی تھی

کئی ماہ گزر جانے کے باوجود محکمانہ چارج شیٹ جاری نہیں کی گئی جبکہ ملوث لوگوں کو اہم عہدوں سے بھی نہ ہٹایا جا سکا

کراچی (کامرس رپورٹر) تجارت نیوز کو ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اسمگلنگ سے قومی خزانے کو صرف ایک برس میں تین ارب ڈالر لیعنی کہ مجموعی طور پر 840 ارب روپے سے زائد کا نقصان پہنچانے والے محکمہ کسٹمز کے 25 سے زائد افسران کے خلاف جاری کی جانے والی وزیراعظم معائنہ کمیشن کی اہم ترین وسنسنی خیز رپورٹ کو دبائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس اس حوالے سے تحقیقات مکمل ہونے کے باوجود مذکورہ افسران کو اب تک چارج شیٹ بھی نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ کو دبانے کے پس پردہ اصل مقصد کسٹمز کے بااثر ایس ایس کیڈر کے افسران کو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

سونا عوام کی پہنچ سے دور، قیمت میں ہزاروں روپے اضافہ

فی اونس سونے کی قیمت 37 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 509 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی بلین مارکیٹ اور مقامی صرافہ مارکیٹوں میں ہفتے کو دوسرے دن بھی سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان غالب ہو گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت مزید 37 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 509 ڈالر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

کے پی ٹی سے پیری تک ریلوے لائن کی بحالی کے منصوبے کا آغاز

منصوبہ کی تکمیل سے کراچی کی بندرگاہوں پر دباؤ، ترسیل کی لاگت، وقت اور ماحولیاتی آلودگی میں واضح کمی آئے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے اہم تاریخی منصوبے ڈیڈیکیٹڈ فریٹ کوریڈور اور ملٹی ماڈل لاجسٹکس پارک پیری کی تعمیر کا باضابطہ آغاز ہو گیا۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور ڈی پی ورلڈ گروپ کے چیئرمین اور سی ای او سلطان احمد بن سلیم نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

ملک بھر میں ہفتہ وار مہنگائی میں 0.12 فیصد اضافہ

حالیہ ہفتے 21 اشیائے ضروریہ مہنگی، 8 کی قیمتوں میں کمی جبکہ 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں دو ہفتہ مہنگائی کی شرح میں مسلسل کمی کے بعد حالیہ ہفتہ بھی ہفتہ وار مہنگائی میں 0.12 فیصد اضافہ ہو گیا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی 3.20 فیصد ہو گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی سے متعلق جاری ہفتہ وار رپورٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

انٹر بینک، اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں مزید کمی ریکارڈ

انٹر بینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانیے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قیمت میں مزید ریکارڈ کمی ہوئی۔ ایکسپریس نیوز کمبطابق زرمبادلہ کے ذخائر 21 ارب 20 کروڑ ڈالر کے ساتھ 45 ماہ کی بلند سطح پر آنے، سرکاری ذخائر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

کراچی: خاتون اول آصفہ بھٹو سے انڈونیشیا کی نائب وزیر تجارت ڈیا ایسٹی ملاقات کر رہی ہیں

چھوٹے کاروباری اداروں کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کیے جائیں، شہباز شریف

وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر کام کرتے ہیں

مختلف ممالک کے ساتھ تعاون بڑھانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا تاکہ پاکستان کے ایس ایم ای شعبے کو عالمی منڈی میں مسابقتی بنیادوں پر متعارف کرایا جا سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ اقدامات کو تیز کریں تاکہ بینک اور دیگر مالیاتی ادارے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کریں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے یہ بات چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے فروغ کے لیے اسمال اینڈ میڈیم انٹر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

کیرِبین سی: امریکی کوسٹ گارڈز کھلے پانیوں میں وینزویلا کا تیل بردار جہاز پکڑ رہے ہیں

عراق جے ایف 17 کے حصول کا خواہشمند

ائر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کے سرکاری دورہ عراق کے دوران عراقی فضائیہ نے جے ایف 17 تھنڈر میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا

دونوں ممالک کی فضائی افواج کے درمیان دفاعی تعاون، مشترکہ تربیت اور صلاحیتوں میں اضافے پر تفصیلی تبادلۂ خیال بھی کیا گیا

بغداد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ایئر فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تکنیکی ترقی کو سراہتے ہوئے عراق نے جے ایف-17 تھنڈر لڑاکا طیاروں اور سپر مشاق تربیتی طیاروں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق پاک فضائیہ کے سربراہ ائر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

دسمبر میں اوورسیز پاکستانیوں نے 3.6 ارب ڈالر وطن بھیجے، بڑا حصہ سعودیہ سے موصول

کارکنوں کی ترسیلات زر میں سال بہ سال 16.5 فیصد اور ماہ بہ ماہ 12.6 فیصد اضافہ ہوا ہے، اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دسمبر 2025ء کے دوران اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کی مد میں 3.6 ارب امریکی ڈالر وطن بھیجے گئے، سب سے بڑا حصہ سعودی عرب سے موصول ہوا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق نمو کے لحاظ سے کارکنوں کی ترسیلات زر میں سال بہ سال 16.5 فیصد اور ماہ بہ ماہ 12.6 فیصد اضافہ ہوا۔ مالی سال 26ء کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

’ہم امریکی نہیں بننا چاہتے‘ گرین لینڈ نے ٹرمپ کے منصوبے کو مسترد کر دیا

گرین لینڈ کے لوگوں اور سیاسی نمائندوں نے ٹرمپ کے رویے کو تضحیک اور دھمکی آمیز قرار دیا ہے

گرین لینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) گرین لینڈ کی پارلیمنٹ کی تمام پانچ پارٹیوں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہم امریکی نہیں بننا چاہتے، ہم ڈینش بھی نہیں بننا چاہتے، ہم گرین لینڈرز ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیاسی جماعتوں کا کہنا تھا کہ ہمارا مستقبل خود گرین لینڈ کے لوگوں کے فیصلے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

امریکا میں لاکھوں ڈالرز کی لابنگ کے باوجود بھارت کو سفارتی محاذ پر شکست

عالمی سطح پر بھارت کی سفارتی پسپائی کو لابنگ فرمز اور ظاہری اقدامات سے ختم نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) علاقائی تنازعات اور معرکہ حق میں شکست کے بعد بھارت سفارتی کمزوریوں کیا عث لابنگ فرمز پر انحصار کرنے لگا۔ امریکی تحقیقاتی ادارے اوپن سیکرٹس کی جانب سے امریکا میں لاکھوں ڈالرز کی لابنگ کو بے نقاب کر دیا۔ امریکی تحقیقاتی ادارے اوپن سیکرٹس کے مطابق بھارت نے مسخ شدہ ساکھ کی بحالی کیلئے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

ایکس نے ایموجی میں موجودہ ایرانی جھنڈے کو پرانے جھنڈے میں تبدیل کر دیا

یہ ڈیزائن سن 1979 سے پہلے کے ایران کے جھنڈے کا حصہ تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایلون مسک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس نے ایموجی میں موجودہ ایران کے سرکاری پرچم کو پرانے والے جھنڈے جس میں شیر کی تصویر بنی ہوئی تھی سے بدل دیا ہے۔ تبدیل شدہ ایموجی پر اسلامی جمہوریہ ایران کا موجودہ سرکاری نشان جس پر اللہ لکھا ہوا تھا، کو ہٹا کر پہلے استعمال ہونے والے نشان جو کہ تلوار والا شیر اور سورج تھا، شامل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

کیپٹل مارکیٹس کو وسعت دینے کے لیے پاکستان کا بلاک چین کو اپنانے پر غور

مذاکرات کا مقصد ابھرتی ہوئی مالیاتی ٹیکنالوجیز کو ذمہ دارانہ طور پر اپنانے کے امکانات کا جائزہ لینا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کیپٹل مارکیٹس کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے ٹوکنائزیشن اور بلاک چین کو اپنانے پر غور کر رہا ہے، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے بدھ کو ایک اعلیٰ سطح کاروباری وفد نے ملاقات کی جس کی قیادت عالمی رئیل اسٹیٹ اور وینچر کیپٹل گروپ ون گروپ کے چیئرمین سید ذیشان شاہ کر رہے تھے۔ ذرائع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

آبپاشی نظام زرعی کامیابی کی بنیاد، منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں

وزیراعلیٰ سندھ

غذائی خود کفالت کے حصول اور برآمدات میں اضافے کیلئے آبپاشی کے انفرااسٹرکچر کو جدید اور موسمیاتی چیلنجز کے مقابلے کے قابل بنانا ناگزیر ہے

مراد علی شاہ کی زیر صدارت جائزہ اجلاس کے فور منصوبے کے تحت کے بی فیڈر کی لائننگ کے کام کا بھی جائزہ لیا، جزوی تکمیل پر اظہار تشویش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا، جس میں آبپاشی کے نظام اور زرعی ترقی کو صوبے کی معیشت کیلئے نہایت اہم قرار دیا گیا۔ انھوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام کلیدی منصوبے بروقت مکمل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

امریکا کا ریکوڈک منصوبے میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کا فیصلہ

مائننز اینڈ منرلز کے شعبے میں امریکی نجی کمپنیوں کی دلچسپی تیزی سے بڑھ رہی ہے، اینڈی ہیلس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک امریکا تعلقات اس وقت تاریخ کی مضبوط ترین سطح پر ہیں، جس کے نتیجے میں ملک میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری جلد متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی سفارت خانے کے منسٹر کاؤنسلر برائے پبلک ڈپلومیسی اینڈی ہیلس نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

کراچی: صوبائی وزیر سعید غنی و زیر اعلیٰ KP کا استقبال کر رہے ہیں، سہیل آفریدی نعروں کا جواب دے رہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف UAE کے کاروباری وفد کو دیے گئے ظہرانے سے خطاب کر رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 02) 12 تا 18 جنوری 2026ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	281.55 PKR	281.65 PKR
Euro	EUR	326.15 PKR	329.65 PKR
British Pound	GBP	372.50 PKR	376.00 PKR
UAE Dirham	AED	76.60 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.95 PKR	75.55 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	911.00 PKR	921.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	199.00 PKR	204.00 PKR
Australian	AUD	186.00 PKR	
Omani Riyal	OMR	729.25 PKR	739.25 PKR
Japanese Yen	JPY	1.78 PKR	1.88 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	67.10 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.25 PKR	39.65 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.85 PKR	36.10 PKR
Danish Krone	DKK	43.15 PKR	43.55 PKR
New Zealand Dollar	NZD	156.15 PKR	158.15 PKR
Singapore Dollar	SGD	215.15 PKR	220.15 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.30 PKR	27.60 PKR
Swedish Krona	SEK	29.10 PKR	29.40 PKR
Swiss Franc	CHF	346.10 PKR	348.85 PKR

Qatari Riyal QAR 76.55 PKR 77.25 PKR

Bahrain Dinar BHD 744.50 PKR 754.25 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 443,500	Rs. 380,240
22k	Rs. 406,541	Rs. 348,551
21k	Rs. 388,065	Rs. 332,711
20k	Rs. 369,681	Rs. 316,949
18k	Rs. 332,627	Rs. 285,180
14k	Rs. 258,719	Rs. 221,815
12k	Rs. 258,719	Rs. 190,120

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Karachi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Lahore	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Islamabad	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Rawalpindi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Peshawar	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Quetta	Rs. 4,830	Rs. 5,628

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar regi on; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 265.45 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 284.44 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.91 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	SSGC 39.47 ^ 3.59	BOP 33.96 ^ 0.63	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52 ^ 5.1	HUMNL	
KSE ALL SHARE	SSGC 39.47 ^ 3.59	BOP 33.96 ^ 0.63	WTL 1.82 v -0.04	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52	
KSE 30	No Data Found.					
KMI30	No Data Found.					
ALL SHARE ISLAMIC	SSGC 39.47 ^ 3.59	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52 ^ 5.1	PAEL 53.09 ^ 0.91	PIBTL	
BATI	BOP 33.96 ^ 0.63	NBP 215.17 v -1.23	HBL 309.01 ^ 3.05	MEBL 444.86 ^ 4.07	BAFL	
OGTI	PPL 210.52 ^ 5.1	OGDC 265.21 ^ 4.93	MARI 704.44 v -1.93			

خلا میں تیرتا آٹھ فٹبال فیلڈز کے برابر سیارچہ دریافت

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سائنس دانوں نے خلا میں آٹھ فٹبال فیلڈز کے سائز کے برابر

تیرتا سیارچہ دریافت کرلیا۔ 2025 MN45 نامی اس جرمِ فلکی کی رفتار بھی بہت تیز ہے اور اب تک دریافت ہونے والے 499 میٹر سے بڑے سیارچوں میں سب سے زیادہ تیزی سے گھوم رہا ہے۔ 709 میٹر چوڑا 2025 MN45 اپنے محور کے گرد چکر 1.88 منٹ میں مکمل کرتا ہے اور یہ ہمارے نظامِ شمسی کی سیارچوں کی مرکزی بیلٹ میں سورج کے گرد گھوم رہا ہے۔ سیارچوں کی یہ مرکزی پٹی زمین سے تقریباً 48 کروڑ 28 لاکھ کلو میٹر کے فاصلے پر موجود ہے اور اس میں مختلف سائز (529 کلومیٹر سائز تک) کے لاکھوں سیارچے موجود ہیں۔ تمام سیارچے اپنے مدار میں لڑھک رہے ہیں لیکن کچھ متعدد وجوہات کی بنا پر تیزی سے حرکت کررہے ہیں جن میں سورج کی تپش، دیگر سیارچوں سے ٹکراو وہ کس مرکب سے بنے ہیں شامل ہیں۔

سام سنگ نے دنیا کا سب سے بڑا ٹی وی نمائش کیلئے پیش کردیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی سام سنگ نے دیواروں سے بڑا ٹی وی متعارف کرادیا۔

کمپنی نے کنزیومر الیکٹرونکس شو (سی ای ایس) 2026 میں 130 انچ بڑا مائیکرو آر جی بی ٹی وی نمائش کے لیے پیش کیا جو اب تک کا سب سے بڑا اور جدید ڈسپلے ہے۔ امریکی شہر لاس ویگس میں منعقد ایونٹ میں پیش کیے جانے والے نئے آر 95 انچ ماڈل میں آڈیو کو ڈسپلے کے فریم میں جوڑا گیا ہے اور اسکرین کی پیمائش نے میچ کے لیے ٹیون کیا گیا ہے جس کا مقصد آواز، تصویر اور ٹی وی کی اسپیس میں قدرتی تعلق پیدا کرنا ہے۔ 130 انچ کا یہ ماڈل سام سنگ کے جدید مائیکرو آر جی بی اے آئی انجن پر دے چلتا ہے۔ اس کے علاوہ آر جی بی کلر بوسٹر پرو اور مائیکرو آر جی بی ایچ ڈی آر پرو بھی آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا استعمال کرتے ہوئے مختلف مناظر میں رنگ، کنٹراسٹ اور ڈیٹیلز کو بڑھاتے ہیں۔ سام سنگ کے مطابق ڈسپلے 100 فی صد بی ٹی 2020. حقیقی رنگ پیش کرتا ہے اور درست رنگ پیش کرنے پر جرمنی کے ورہینڈ ڈرا الیکٹرو ٹیکنیک (وی ڈی ای) کی جانب سے سند حاصل کرچکا ہے۔

گرگٹ سے بھی تیز تر رنگ بدلنے والے موبائل کی چھپر پھاڑ مقبولیت

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سام سنگ کے حال ہی میں لانچ ہونے والے رنگ و روپ بدلتے موبائل فون نے سائنس اور فکشن سے مل کر دنیا بھر میں دھوم مچادی ہے۔ سام سانگ کا یہ موبائل صرف ایک نیا فون ہی ہے بلکہ متعدد زاویوں سے فولڈ ہونے والی لچکدار اسکرین کی بدولت یہ ایک کشادہ ڈیجیٹل ورک اسپیس بن جاتا ہے۔ جہاں موبائل صارف بیک وقت کئی ایپس چلاسکتا ہے بالکل ایسے جیسے کمپیوٹر کی اسکرین پر ونڈوز کھلی ہوں۔ اس فون کو بلوٹوتھ کی بورڈ اور ماؤس سے بھی جوڑا جا سکتا ہے۔ اس کی یہی خاصیت اسے ایک منی لیپ ٹاپ میں تبدیل کردیتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ گوگل جیمنی اسسٹنٹ بھی شامل ہے۔ جس کے باعث یہ ملٹی ٹاسکنگ ایپس کے درمیان سوئچنگ اور کام کی ترتیب کو نہایت آسان بنانے کے قابل بن جاتا ہے۔ مکمل فولڈ ہوکر کھلنے پر فون انتہائی پتلا نظر آتا ہے جبکہ فولڈ ہونے پر یہ قدرے موٹا محسوس ہوتا ہے، جیسے دو فون ایک ساتھ رکھ دیے گئے ہوں۔ اس کے باوجود سام سنگ کا دعویٰ ہے کہ یہ تجربہ پچھلے فولڈ ایبل فونز کے مقابلے میں کہیں زیادہ بہتر ہے۔ کیمرہ کے شوقین صارفین کے لیے بھی خوشخبری ہے، کیونکہ اس فون کے کیمرے تقریباً Galaxy Ultra S25 جیسے معیار کے ہیں، جو پہلے فولڈ ایبل فونز میں ایک بڑی کمی سمجھی جاتی تھی۔ اگرچہ سام سنگ نے باضابطہ قیمت ظاہر نہیں کی، مگر ٹیک ماہرین کے مطابق اس فون کی قیمت 2000 سے 2500 امریکی ڈالر کے درمیان ہوسکتی ہے، جو متوقع طور پر آنے والے آئی فون 17 پرو میکس سے بھی خاصی زیادہ ہوگی۔ سام سنگ کے مطابق یہ فون خاص طور پر ان افراد کے لیے تیار کیا گیا ہے جو موبائل کو صرف تفریح نہیں بلکہ کام، تخلیق اور پروڈکٹیوٹی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ سام سنگ کا یہ انوکھا فولڈ ایبل موبائل فون جو ضرورت کے وقت ٹیبلیٹ میں تبدیل ہوجاتا ہے اسے حال ہی میں لاس ویگاس میں منعقد ہونے والے ایک ٹیکنالوجی شو میں نمائش کے لیے پیش کیا گیا تھا، جبکہ اس کی محدود تعداد جنوبی کوریا میں فروخت کے لیے بھی رکھی جاچکی ہے۔

'آٹوفوکس' کرنے والا اسمارٹ چشمہ متعارف

فن لینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) فن لینڈ کی چشمے بنانے والی کمپنی IXI نے ایسا اسمارٹ چشمہ متعارف کرانے جارہی ہے جو دیکھنے میں تو عام سا ہے لیکن

چشمہ پہننے والے کے مطابق 'آٹوفوکس' کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ چشمے میں آنکھوں کو ٹریک کرنے والے سینسر کے ساتھ لینسز میں لیکوئیڈ کرسٹل موجود ہیں جو فوری طور پر پریسکرپشن کو تبدیل کرنے کے لیے کیے جاتے ہیں۔ کمپنی کے مطابق یہ موجودہ بائی فوکل یا ویری فوکل لینسز میں بہتری کا نتیجہ ہے۔ دونوں لینسز دور اور قریب دیکھنے میں آسانی کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں لیکن ان کے نقصانات بھی ہوتے ہیں۔ ایک فوٹو ڈایوڈز کے سیٹ (جو روشنی کو برقی سگنلز میں تبدیل کرتے ہیں) اور ایل ای ڈیز کے ذریعے صارف کی آنکھوں کو ٹریک کیا جاتا ہے۔ یہ دونوں مل کر آنکھوں سے غیر مرئی انفرا ریڈ روشنی کو اچھالتے ہیں اور پھر اس کی عکاسی کی پیمائش کرکے یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ صارف کس چیز کو دیکھ رہا ہے۔

گھنے بالوں کا جھانسہ، شوہر گنجا نکلا؛ بیوی نے ایف آئی آر درج کرادی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں ایک خاتون نے اپنے شوہر اور چار سسرالیوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرا دی۔ ایف آئی آر میں ان افراد پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے شوہر کا گنج پن چھپا کر 2024 میں خاتون کو شادی کے لیے دھوکا دیا ہے۔ بسرا کھ پولیس اسٹیشن میں درج کرائی گئی ایف آئی آر کے مطابق خاتون لوپکا گپتا اور ان کے شوہر سنیام جین 16 جنوری 2024 کو ازدواجی رشتے میں بندھے تھے۔ اہلیہ نے دعویٰ کیا کہ شادی سے قبل سنیام جین اور ان کے خاندان نے ان کے ظاہری دکھنے، تعلیم اور معاشی احوال سے متعلق متعدد تفصیلات کو چھپایا۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا کہ شادی کے بعد خاتون کے علم میں یہ بات آئی کہ ان کے خاوند صرف 12 ویں پاس ہیں جبکہ ان کے بائیو ڈیٹا میں بی کام کی ڈگری درج تھی۔ انہوں نے 18 لاکھ بھارتی روپے آمدنی سے متعلق بھی دھوکے میں رکھا۔ ایف آئی آر میں مزید بتایا گیا کہ انہوں نے جب شادی کے لیے حامی بھری تو ان کو بتایا گیا تھا کہ سنیام کے گھنے بال ہیں لیکن بعد ازاں ان کو معلوم ہوا کہ ان کے خاوند گنجے ہیں۔

سرکاری ملازمین سے متعلق 'ویڈلاک پالیسی' کیا ہے؟

آئین وقانون کی حکمرانی کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ معاشرے کا کمزور ترین طبقہ بھی خود کو طاقت ور کے سامنے بے بس محسوس نہ کرے۔ اسے یقین ہو کہ اس کے ساتھ کوئی زیادتی یا ناانصافی ہوتی ہے تو مخالف فریق چاہے کتنا ہی بااختیار ہو، وہ عدالت کے سامنے جواب دہ ہوگا اور مظلوم کو انصاف ملے گا۔ کسی بھی ریاست میں عدالتیں اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرتی ہیں۔ بسا اوقات ریاست اور معاشرے کا ڈھانچہ اتنا بگڑ جاتا ہے کہ عدالتوں کے سامنے یہ اصل مقصد نظر انداز ہوجاتا ہے، یا ناقص اور کمزور نظام انصاف کی وجہ سے عدالتیں چاہتے ہوئے بھی مظلوم کو انصاف فراہم نہیں کرسکتیں۔ اس کمزوری کو ختم کرنے کے لیے جہاں نظام انصاف میں اصلاحات ضروری ہیں، وہاں عدالتوں کو عوامی مفاد میں ایسے دلیرانہ فیصلے دینے چاہئیں جس سے یہ عزم سامنے آئے کہ وہ شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کررہے ہیں۔ اس سے اعلیٰ عدلیہ کو نہ صرف عوام کا بھرپور اعتماد ملے گا، بلکہ بلاتفریق انصاف کی فراہمی سے حکومتی ادارے بھی عوام کے مفاد میں فیصلے کریں گے۔ اعلیٰ عدلیہ کے فیصلے کس طرح شہریوں کی زندگی میں بہتری لاسکتے ہیں، اس کی حالیہ مثال سپریم کورٹ کا ایک فیصلہ ہے، جس میں عدالت عظمیٰ نے قرار دیا ہے کہ اگر سرکاری فرائض کی ادائیگی کے لیے بہت ناگزیر نہ ہو تو حکومت کو 'ویڈلاک پالیسی' کے تحت سرکاری ملازمین کو سہولت دینی چاہیے کہ وہ اپنے خاندان کے ساتھ رہتے ہوئے اپنی ملازمت کرسکیں۔ یقیناً اس فیصلے کے ثمرات ان ہزاروں بلکہ لاکھوں سرکاری ملازمین کو ملیں گے، جن کی سہولت دیکھے بغیر ان کا تبادلہ محض ایک روٹین کے طور پر دور دراز کے علاقوں میں کردیا جاتا ہے۔ جسٹس عائشہ ملک نے فیصلے میں وضاحت سے کہا، ''جب تک عوامی مفاد میں ناگزیر نہ ہو، شادی شدہ جوڑوں کو ایک ہی جگہ کام کرنے کا فائدہ دیا جائے۔ اسی طرح غیر شادی شدہ خواتین سرکاری ملازمین کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ اپنے خاندان کی رہائش گاہ پر کام کرسکیں۔ پالیسی کا بنیادی مقصد ہی شادی یا خاندان میں تبادلے اور تعیناتی کے باعث پیدا ہونے والی علیحدگی کی مشکلات کو دور کرنا ہے۔ ریاست کو اپنی ہی پالیسی پر خلوصِ نیت سے عمل کرنا ہوگا اور اس کے مقصد کو برقرار رکھنا ہوگا۔ اس کے برعکس، ہمیں یہ نظر آتا ہے کہ عملی رویہ پالیسی کے مقاصد کے بالکل الٹ ہے۔ شادی شدہ سرکاری ملازمین سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی پوری ملازمت کے دوران الگ الگ رہیں، کیونکہ تبادلہ ملازمت کا ایک لازمی جزو، ایک معمول اور متوقع پہلو سمجھا جاتا ہے، اور سول سرونٹس سے ان تقاضوں کے مطابق خود کو ڈھالنے کی توقع کی جاتی ہے۔'' قانونی ماہرین کے مطابق تمام ریاستی ادارے سپریم کورٹ آف پاکستان کی ہدایات پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ عدالت عظمیٰ نے اس فیصلے میں جو رہنما اصول بیان کیے ہیں، ان کی روشنی میں امید ہے کہ شادی کے ادارے اور خاندانی زندگی کے حق کا بہتر طریقے سے تحفظ ہوگا اور لاکھوں شہریوں کی زندگی میں بہتری آئے گی۔ فیصلے سے شہریوں کو ان کے جائز حقوق ملیں گے۔ ہر سرکاری محکمے کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزمرہ کے فرائض کی انجام دہی میں صرف قانونی ضابطے کو ہی نہ دیکھے بلکہ آئین وقانون کی روح کو بھی سمجھے اور اس کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے جائیں۔ جسٹس عائشہ ملک جب لاہور ہائی کورٹ میں ذمہ داریاں انجام دے رہی تھیں، انہوں نے ایک فیصلے میں ریپ کا شکار خواتین کے کنوارپن کو جانچنے کے رائج غیر سائنسی 'ٹو فنگر ٹیسٹ' کے نقائص بیان کرتے ہوئے اسے غیر قانونی اور غیر آئینی قرار دیا تھا، جس سے کئی مظلوم خواتین کو انصاف ملا۔ اعلیٰ عدلیہ کا یہی کام ہے کہ وہ کمزور اور مظلوم کا سہارا بنے تاکہ لوگوں کا عدالت پر اعتبار قائم رہے۔ 'ویڈلاک پالیسی' سے متعلق فیصلے کے آخر میں جسٹس عائشہ ملک لکھتی ہیں، ''یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ حکمرانی (governance) کی بنیاد عوام کی فلاح کے تحفظ اور فروغ کے پختہ عزم پر قائم ہے۔ ہر پالیسی اور انتظامی اقدام کو عوام کے بہترین مفاد میں ہونا چاہیے، تاکہ عوام ہمیشہ حکومتی پالیسی سازی کا محور رہیں۔ یہی ریاست کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام کی بہتری کے لیے بنائے گئے قوانین اور پالیسیاں نافذ کی جانی چاہئیں اور ایسے اسباب کی بنا پر نظر انداز نہیں کی جانی چاہئیں جو خود قانون یا پالیسی کے مقصد کی نفی کرتے ہوں۔''

چین: غیر معمولی مشابہت رکھنے والا شادی شدہ جوڑا

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین سے تعلق رکھنے والا شادی شدہ جوڑا غیر معمولی مشابہت رکھنے کے باعث سوشل میڈیا پر مشہور ہوگیا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ دونوں بچھڑے ہوئے بہن بھائی لگتے ہیں۔ چینن کے صوبے گوانگ ڈونگ میں جڑی بوٹیوں سے بنی ادویات کی دکان چلانے والے ہی شیان شینگ (شوہر) اور لیانگ سائیو (اہلیہ) ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کا سالوں سے ہربل ادویات کا کام ہے۔ تاہم، دونوں کو اپنا کاروبار چلانے میں مشکلات کا سامنا تھا اس لیے انہوں نے ڈوین (چینن کا ٹِک ٹاک ورژن) پر پروموشنل کلپس جاری کرنا شروع کیے۔ لیانگ کا کہنا تھا کہ جب یہ دونوں پہلی بار ملے تھے تو ان کو ایسا محسوس نہیں ہوا کہ دونوں ایک جیسے دِکھتے ہیں۔ یہ احساس کچھ برس ساتھ گزارنے کے بعد ہوا کہ دونوں ایک دوسرے سے مشابہت رکھتے ہیں۔ گزشتہ دو برسوں سے دونوں تقریباً پورا وقت ایک ساتھ ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاید یہی وجہ ہے کہ دونوں اس حد تک ایک جیسے دِکھنے لگ گئے ہیں۔

امریکا: 20 برس سے ایک ہی نمبر استعمال کرنیوالا شخص کروڑوں ڈالر جیت گیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں 20 برس تک ایک ہی نمبر سیٹ کے ساتھ لاٹری کھیلنے والے شخص نے کروڑوں ڈالر کی لاٹری جیت لی۔ ریاست مشیگن سے تعلق رکھنے والے 73 سالہ شخص (جن کی شناخت واضح نہیں کیا گئی) نے بتایا کہ وہ لوٹو 2047 برس سے کھیل رہے ہیں تب سے ہی 02-03-12-15-16-33 یہ سیٹ استعمال کررہے ہیں۔ یہ وہ نمبر تھے جو 13 دسمبر کو ہونے والی قرعہ اندازی کے لیے خریدے گئے ٹکٹ پر درج تھے، جس سے انہوں نے لوٹو 47 کا اب تک کا سب سے بڑا انعام (3 کروڑ 29 لاکھ ڈالر) جیتا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب انہوں نے ٹکٹ دیکھا تو تین نمبروں کے میچ ہونے کے بعد خیال کیا کہ کم از کم 5 ڈالر تو واپس آئے۔ جب باقی نمبر بھی میچ ہوتے دیکھے تو اپنی آنکھیں صاف کیں اور ٹکٹ کو دوبارہ چیک کیا کیوں کہ جو وہ دیکھ رہے تھے اس پر یقین نہیں آرہا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انہوں نے اپنے بچوں کو بلایا اور بتایا لیکن انہیں بھی یقین نہیں آیا۔

برمنگھم میں آسمان گلابی ہوگیا، لوگ خوفزدہ، وجہ سامنے آگئی

برمنگھم (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے شہر برمنگھم میں اُس وقت خوف اور تجسس کی فضا پیدا ہوگئی جب رات گئے آسمان اچانک گہرے گلابی اور سرخی مائل رنگ میں ڈھل گیا۔ اس غیر معمولی منظر نے شہریوں کو حیران بھی کیا اور پریشان بھی، جبکہ سوشل میڈیا پر سوالات اور قیاس آرائیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت پیش آیا جب شہر شدید برف باری کی زد میں تھا۔ خراب موسمی حالات کے باعث آمدورفت بری طرح متاثر ہوئی، سڑکوں پر مشکلات بڑھ گئیں اور کئی سہولیات عارضی طور پر معطل کرنا پڑیں۔ انہی حالات کے دوران آسمان کا یہ غیر فطری رنگ لوگوں کے لیے مزید خوف کا باعث بن گیا۔ برمنگھم کے رہائشیوں نے فوراً موبائل فونز کے ذریعے تصاویر اور ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کرنا شروع کردیں۔ ان مناظر میں شمالی لندن کے قریب واقع اس شہر کے آسمان پر چھایا گلابی رنگ واضح طور پر دیکھا جاسکتا تھا، جس نے دیکھنے والوں کو چونکا دیا۔ ابتدا میں شہریوں کی جانب سے یہ خدشہ ظاہر کیا گیا کہ شاید یہ منظر اس برفانی طوفان یا کسی قدرتی آفت سے جڑا ہو، تاہم جلد ہی ماہرین اور میڈیا رپورٹس نے اس راز سے پردہ اٹھا دیا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ آسمان کا یہ رنگ کسی قدرتی منظر کا نتیجہ نہیں بلکہ انسانی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی روشنیوں کا اثر تھا۔ العربیہ ڈاٹ نیٹ کے مطابق مختلف تصاویر کے جائزے سے پتا چلا کہ یہ گلابی روشنی صرف برمنگھم اور برطانیہ کے کسی دوسرے شہر میں ایسا منظر دیکھنے میں نہیں آیا۔ بعد ازاں صرف برمنگھم کے چند مخصوص علاقوں تک محدود تھی اور برطانوی اخبار ''میٹرو'' کی رپورٹ نے اس پراسرار منظر کی اصل وجہ واضح کردی۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

انعام میمن، وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر کے وفد میں سیکریٹری ریلوے مظہر علی شاہ، جنرل منیجر ریلوے عامر بلوچ اور دیگر اعلیٰ افسران شامل تھے۔ اجلاس کا مرکزی نکتہ ریل پر مبنی مضافاتی ٹرانسپورٹیشن پلان تھا جس کا مقصد "سٹی سینٹر سے سٹی سینٹر "براہ راست رابطہ فراہم کرنا ہے۔ یہ منصوبہ تقریباً 3 کروڑ 70 لاکھ افراد کو سہولت فراہم کرے گا جو سندھ کی مجموعی آبادی کا 67 فیصد بنتے ہیں۔ منصوبے کے تحت چھ اہم روٹس پر 858 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک کی بحالی کی تجویز دی گئی ہے، جن میں کوٹری، دادو (181 کلومیٹر)، دادو، لاڑکانہ، حبیب کوٹ (166 کلومیٹر)، * حیدرآباد، میرپور خاص، ماروی (200 کلومیٹر)، روہڑی، جیکب آباد (87 کلومیٹر)، جیکب آباد، کشمور کالونی (124 کلومیٹر) اور حیدرآباد، بدین (100 کلومیٹر) شامل ہیں۔ وزیر ٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ اس سرمایہ کاری کے بعد کوٹری سے دادو کے درمیان سفر کا وقت تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کم ہو جائے گا۔ اس منصوبے کی مجموعی لاگت 63.26 ارب روپے رکھی گئی ہے، جس میں 33 ارب روپے بنیادی انفراسٹرکچر (سول ورکس، ٹریک اور سگنلنگ)، 27.6 ارب روپے چھ جدید ڈی ایم یو (DMU) ٹرین سیٹس کی خریداری اور 2.66 ارب روپے دیکھ بھال کی سہولیات شامل ہیں۔ تجویز کردہ بزنس ماڈل کے تحت سندھ حکومت انفراسٹرکچر کے اخراجات کی 100 فیصد ذمہ داری اٹھائے گی، جبکہ پاکستان ریلوے رائٹ آف وے (RoW) اور ضروری منظوری فراہم کرے گا۔ اجلاس میں 308 غیر محفوظ (ان مینڈ) ریلوے کراسنگز کو محفوظ بنانے کے لیے انہیں مینڈ کراسنگز میں تبدیل کرنے کے 6 ارب روپے کے منصوبے پر بھی اتفاق کیا گیا، جس کا مقصد حادثات کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے زور دیا کہ حکومت کا مقصد سندھ کے دور دراز علاقوں کو جدید، سستی اور محفوظ سفری سہولیات سے جوڑنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے سڑکوں پر ٹریفک کا دباؤ کم ہوگا اور شہریوں کو محفوظ 'سٹی سینٹر سے سٹی سینٹر' سفری سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 858 کلومیٹر طویل ریلوے نیٹ ورک کی بحالی کے لیے فنڈنگ پر بھی غور کیا جا رہا ہے، جس میں انسانی تحفظ اور مسافروں کے آرام کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ وفاق اور سندھ حکومت کے درمیان تعاون پاکستان ریلوے کی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزارت ریلوے سندھ کو ایسا ریلوے نظام فراہم کرنا چاہتی ہے جو ماحول دوست ہونے کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی میں بھی کردار ادا کرے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پاکستان ریلوے اس منصوبے کے لیے مکمل تکنیکی معاونت اور رائٹ آف وے فراہم کرے گی۔ روہڑی ریلوے اسٹیشن: اجلاس میں روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دی گئی جس پر 999.97 ملین روپے کی لاگت آئے گی۔ منصوبے میں پلیٹ فارمز کی خوبصورتی، چھ ایسکلیٹرز کی تنصیب، اسٹیشن عمارتوں کی تزئین و آرائش، اور شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر شامل ہے۔ فیصلہ کیا گیا کہ روہڑی ریلوے اسٹیشن کو چھ ماہ کے اندر اپ گریڈ کیا جائے گا۔ عوامی تحفظ: اجلاس میں ریلوے لیول کراسنگز پر حادثات کے سنگین مسئلے پر بھی غور کیا گیا۔ پاکستان ریلوے کے مطابق ریلوے حادثات میں 37 فیصد واقعات غیر محفوظ کراسنگز پر پیش آتے ہیں۔ اس لیے سندھ حکومت سے 100 ہائی رسک کراسنگز کو مینڈ بنانے کے لیے 6 ارب روپے کی معاونت کی درخواست کی گئی ہے۔ یہ مضافاتی ریلوے نظام نہ صرف سڑکوں پر ٹریفک کے دباؤ اور سڑکوں کی مرمت کے اخراجات میں کمی لائے گا بلکہ طلبہ، ملازمین اور تاجر برادری کے لیے ایک ماحول دوست اور باوقار سفری ذریعہ فراہم کرے گا۔ اجلاس کا اختتام پاکستان ریلوے اور سندھ حکومت کے درمیان 25 سالہ فریم ورک پارٹنرشپ معاہدہ جلد دستخط کرنے کے عزم کے ساتھ ہوا تاکہ ریلوے ترقی کے منصوبوں میں طویل المدتی تعاون کو باقاعدہ شکل دی جاسکے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

واقعات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آوارہ کتوں کو تلف کرنے کی مخالفت میں بار بار عدالتوں سے حکم امتناع حاصل کرلیا جاتا ہے، جس کے باعث مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے اور شہری مسلسل اذیت کا شکار ہیں۔ اکرام راجپوت کا کہنا تھا کہ آوارہ کتوں کے باعث شہریوں، بالخصوص بچوں اور بزرگوں کو درپیش خطرات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے، کورنگی صنعتی علاقے میں بھی ملازمین کو آوارہ کتوں کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے یہ اقدام وقت کی اہم ضرورت بن گیا تھا۔ میئر کراچی کی قیادت میں بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے اٹھایا گیا یہ قدم عوامی تحفظ، صحت عامہ اور شہری امن و امان کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکثریتی عوام آوارہ کتوں کے مسئلے کے فوری اور مستقل حل کی حامی ہے اور اس ضمن میں مؤثر کارروائی چاہتی ہے۔ صدر کاٹی نے حکومت، بلدیاتی اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ عوامی سلامتی کو ترجیح دیتے ہوئے فوری فیصلے کریں اور شہر کو اس سنگین مسئلے سے نجات دلائیں۔ صدر کاٹی نے مطالبہ کیا کہ آوارہ کتوں کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے واضح پالیسی مرتب کی جائے اور فوری عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔ ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا نے بھی شہر کراچی میں آوارہ کتوں کے باعث بڑھتے ہوئے سگ گزیدگی کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میئر کراچی کے اعداد و شمار کے مطابق صرف سال 2026 کے ابتدائی پانچ دنوں میں سگ گزیدگی کے 800 سے زائد واقعات رپورٹ ہو چکے ہیں، جو ایک نہایت سنگین اور خطرناک صورتحال کی عکاسی کرتے ہیں۔ زبیر چھایا نے کہا کہ عوامی سلامتی کے پیش نظر میئر کراچی کے فیصلے بروقت اور ناگزیر ہیں اور کورنگی ایسوسی ایشن اس ضمن میں بلدیاتی اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کاٹی اس مہم کے دوران بلدیاتی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی اور عوام میں آگاہی پیدا کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرے گی تاکہ یہ مہم مؤثر انداز میں کامیاب ہو سکے۔ زبیر چھایا نے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس مہم کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے اور شہری خود کو زیادہ محفوظ محسوس کریں گے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

دورے کے موقع پر سامنے آئی۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر نے ٹیکنو آٹو گلاس فیکٹری اور پاک سوزوکی موٹر کمپنی کی اہم پیداواری سہولیات بشمول پریس شاپ، انجیکشن مولڈنگ، انجن اور ٹرانسمیشن یونٹس کا معائنہ کیا۔ انہیں پرزہ جات کی مقامی سطح پر تیاری اور انڈسٹریلائزیشن یعنی مقامی وسائل کے استعمال کے لیے جاری کوششوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ جام کمال خان نے پیداوار کے معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں عالمی معیار کے آٹوموٹیو پارٹس تیار ہوتے دیکھ کر دل خوش ہوا۔ انہوں نے پاپام کی جی ڈی پی میں اضافہ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور جدید ٹیکنالوجیز کے حصول میں مثبت کردار کو سراہا اور اس شعبے کو اقتصادی سرگرمیوں کا اہم محرک قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے اس امید کا اظہار کیا کہ آنے والے برسوں میں مقامی طور پر تیار شدہ گاڑیوں کی فروخت میں نمایاں بہتری آئے گی، خاص طور پر حکومت کی ان پالیسیوں کی بدولت جن کا مقصد پرانی (استعمال شدہ) گاڑیوں کی درآمد کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ پاپام کے نمائندوں نے ان اقدامات کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان سے مقامی سپلائی چین کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ مستقبل کے امکانات کی نشاندہی کرتے ہوئے جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی موجودہ مقامی کار کی پیداوار جو دو لاکھ یونٹس سے کم ہے، اسے بڑھا کر 50 لاکھ سے ایک لاکھ یونٹس تک لے جایا جاسکتا ہے، جس سے نئی سرمایہ کاری کے مواقع پیدا ہوں گے اور اقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

تحقیق، تربیت اور جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جاسکے۔ اس کے علاوہ عالمی معیار کی ٹیسٹنگ لیبارٹریاں اور سرٹیفکیشن سسٹم قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ برآمدات میں اضافے کے ساتھ ساتھ پاکستان برانڈ کی ساکھ اور اعتبار میں اضافہ ہو۔ پالیسی کا بنیادی مقصد مقامی اور غیرملکی سرمایہ کاروں کیلئے کاروبار دوست ماحول فراہم کرنا ہے جبکہ نوجوان کاروباری افراد کو صنعتی ترقی میں فعال کردار دینے کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ قیمتی پتھروں کی غیر قانونی سمگلنگ کی روک تھام اور باضابطہ برآمدی چینلز کے فروغ کے ذریعے ملک قیمتی زرمبادلہ حاصل کر سکتا ہے۔ مزید براں وزیراعظم نے ملک بھر میں تفصیلی جیولوجیکل سروے کرنے کی ہدایت کی تاکہ ذخائر کی نوعیت، مقام اور حقیقی قدر کا درست ڈیٹا جمع کیا جاسکے۔ بتایا گیا کہ پاکستان میں قیمتی پتھروں جیسے زمرد، یاقوت، پیریڈوٹ، پکھراج اور ایکوامیرین کے بڑے ذخائر موجود ہیں۔ اس مقصد کیلئے وزارت خزانہ کو فوری طور پر فنڈز جاری کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، علی پرویز ملک، اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر نے ویلیو چین انضمام اور نیشنل وارنٹی آفس کے قیام کے حوالے سے بریفنگ دی۔ شرکا کو بتایا گیا کہ وزارت صنعت و پیداوار نے 16 دسمبر 2025 کو ایک نئے قانونی اتھارٹی کے قیام کا فیصلہ کیا تھا جو قومی پالیسی کی نگران ہوگی اور بین الادارہ رابطوں کو موثر بنائے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پاکستان کے قیمتی پتھروں کی برآمدات کی اصل صلاحیت دو ارب ڈالر سالانہ تک ہے، تاہم طویل عرصے سے اس شعبے میں درست اعداد و شمار اور دستاویزی نظام کا فقدان رہا ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

نے ظاہر کی، اجلاس کا عنوان تھا برآمدی کارکردگی پر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورتی سیشن جیسا کہ جاری کردہ بیان میں بتایا گیا۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام شیخ نے اجلاس کی میزبانی کی، جس کی صدارت وفاقی سیکریٹری تجارت جواد پال نے کی، جبکہ سیف انجم، ٹڈاپ کے سینئر حکام اور مختلف تجارتی نمائندہ تنظیموں نے شرکت کی۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں عاطف اکرام شیخ نے زور دیا کہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی معاشی استحکام اور ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے نجی شعبے کے ساتھ عملی رابطے پر وزارت تجارت کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی پرعزم ہے کہ پائیدار برآمدی ترقی صرف اسی صورت ممکن ہے جب پالیسی ساز ادارے اور کاروباری برادری مضبوط رابطہ رکھتے ہوں۔ عاطف اکرام شیخ نے اس بات کی نشاندہی کی کہ اگرچہ پاکستان کے برآمد کنندگان سخت حالات میں بھی ثابت قدم اور باصلاحیت ہیں، لیکن وہ اس وقت کئی چیلنجوں کا سامنا کر رہے ہیں جن میں کاروبار کی بلند لاگت، توانائی کی قلت، مالیاتی سہولتوں تک رسائی، منڈیوں میں تنوع، اور عالمی معیار کے تقاضوں کی تکمیل شامل ہیں۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر نے ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ، خدمات کی برآمدات، آئی ٹی اور زرعی صنعتوں میں مواقع کی نشاندہی بھی کی۔ اجلاس اختتام پذیر ہوا اجلاس کے چیئر جواد پال کے اختتامی کلمات پر، جنہوں نے مختلف شعبوں سے متعلق سفارشات پر گفتگو کے بعد اس بات سے اتفاق کیا کہ توانائی کی لاگت علاقائی ممالک کے مقابلے میں مسابقتی نہیں اور برآمد کنندگان کے لیے آسان ٹیکس پالیسیوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کراچی میں موسم خشک رہے گا جبکہ رات کے اوقات میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ شہریوں کو خاص طور پر صبح سویرے اور رات گئے گرم لباس استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ شہر میں کم سے کم درجہ حرارت 10 سے 12 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 سے 26 ڈگری سینٹی گریڈ تک جاسکتا ہے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

کراچی سے جاری اعلامیے کے مطابق سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکریٹریٹ کا سولر نیٹ میٹرنگ پالیسی اور نیپرا کے دیگر امور سے متعلق اجلاس سندھ سیکریٹریٹ میں ہوا جس کی صدارت کمیٹی کے چیئر پرسن سینیٹر رانا محمود الحسن نے کی اور کمیٹی کے دیگر اراکین بھی شریک تھے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے نیپرا حکام کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ صارفین سے 2.2 کھرب روپے اس بجلی کے لے رہے ہیں جو بنی نہیں اور استعمال ہوئی ہی نہیں، یہ وصولی صرف اس لیے کہ سردی میں بجلی کی کھپت کم ہو جاتی ہے۔ سینیٹر عبدالقادر نے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اسمبلی میں اعلانات کردیے کہ بجلی سستی ہوگئی، ایس آئی ایف سی نے آئی پی پیز کا آڈٹ کرلیا، ناکارہ پلانٹ بند کردیے لیکن اس سب کے باوجود نتیجہ کچھ نہیں، 25 کروڑ عوام کے لیے بجلی کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیپرا کے پاس ایک ہزار میگاواٹ کے نئے کنکشنز کی درخواستیں پڑی ہیں، معلوم نہیں کہ ان پر کوئی پیش رفت ہو رہی ہے یا نہیں، توانائی کی قیمت کی وجہ سے ہماری برآمدات نہیں بڑھ رہیں، 2200 ارب کے آپ کپیسٹی چارجز لے رہے ہیں، اس کا کیا کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی پی پیز نے پورا ملک یرغمال بنا رکھا ہے، ان کا فرانزک آڈٹ نہیں ہوتا کہ معلوم ہو سکے انہوں نے کتنا کمایا۔ چیئر پرسن کمیٹی رانا محمود الحسن نے کہا کہ کمیٹی متفقہ طور پر یہ سفارش کرتی ہے کہ آئی پی پیز کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے، کتنی نئی بجلی سسٹم میں آرہی ہے؟ کتنے نئے پاور پلانٹ لگ رہے ہیں یہ بھی بتائیں۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

2 ڈپٹی ڈائریکٹرز، 6 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز، 13 انسپکٹرز اور 20 سب انسپکٹرز شامل ہیں۔ جبکہ ایف آئی اے کے برطرف ہونے والے دیگر اہلکاروں میں 5 اے ایس آئی، 13 ہیڈ کانسٹیبل، 20 کانسٹیبلز اور 9 منسٹریل اسٹاف ممبر شامل ہیں۔ ایف آئی اے اعلامیے کے مطابق 2025 کے دوران 1 اے ایس آئی، 2 کانسٹیبلز اور 2 منسٹریل اسٹاف ممبرز کو ملازمت سے برخاست کیا گیا۔ اور اس دوران 10 اہلکاروں کو عہدے سے تنزلی کی سزائیں سنائی گئیں۔ علاوہ ازیں 2025 کے دوران 1 ڈپٹی ڈائریکٹر 2، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز 2، انسپکٹرز 1، سب انسپکٹر 3، ہیڈ کانسٹیبلز اور ایک کانسٹیبل کو عہدے کی تنزلی کی سزا سنا دی گئی۔ جبکہ 168 افسران اور اہلکاروں کو ترقی سے روکنے سمیت دیگر معمولی سزائیں سنائی گئی ہیں۔ ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجا نے کہا کہ محکمانہ احتساب کا مقصد قانونی اور پیشہ ورانہ معیارات پر سختی سے عمل کو یقینی بنانا ہے اور کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کرپشن، غفلت اور ناقص تفتیش میں ملوث اہلکاروں کی ایف آئی اے میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ ادارے کو کرپشن اور کالی بھیڑوں سے پاک کرنے کے لیے سخت احتسابی عمل جاری ہے۔ رفعت مختار راجہ نے مزید کہا کہ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت اقدامات کیے رہے ہیں۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

بچاتا تھا جبکہ ماضی کی طرح فیلڈ میں تعینات نچلے درجے کے اہلکار ہی احتساب کی زد میں آ رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق سال 2024 کے دوران اسمگلنگ کی وجہ سے قومی خزانے کو تین ارب ڈالر سے زائد کا نقصان برداشت کرنا پڑا تھا۔ ذرائع کے مطابق یہ رپورٹ 3 اپریل 2025 کو وزیراعظم آفس کو ارسال کی گئی تھی، جس پر وزیراعظم آفس سے ایف بی آر کو کارروائی کر کے رپورٹ واپس پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ تاہم آٹھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود اب تک رپورٹ میں نامزد کسی بھی افسر کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی حتیٰ کہ محکمانہ چارج شیٹ بھی جاری نہیں کی جاسکی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف کسٹمز انفورسمنٹ آفس کی جانب سے رپورٹ مرتب کر کے اسمگلنگ کے اس پورے نظام کے خلاف کارروائی کے لیے ممبر ایڈمنسٹریشن اور ممبر کسٹمز کو معاملہ بھیجا گیا تھا۔ اس کے باوجود کوئی کارروائی نہیں کی جاسکی ہے۔ تجارت نیوز کو ملنے والی اطلاعات کے مطابق وزیراعظم معائنہ کمیشن نے یہ رپورٹ خفیہ اداروں سے حاصل کردہ مصدقہ معلومات کی بنیاد پر مرتب کی تھی۔ جس کے بعد اسے ایف بی آر ہیڈ کوارٹر کے ذریعے وزیراعظم آفس بھجوایا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ اسمگلنگ کے اس منظم نیٹ ورک میں مجموعی طور پر 68 افراد شامل تھے۔ جن میں 28 کسٹم افسران، دیگر نجی فرنٹ مین اور اسمگلر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق نیٹ ورک پاکستان کے مختلف سرحدی علاقوں، داخلی راستوں اور بڑے شہروں میں موبائل فونز، الیکٹرانکس اور دیگر قیمتی اشیاء کی غیر قانونی ترسیل میں سرگرم رہا ہے۔ تحقیقات میں یہ انکشاف بھی ہوا کہ بدعنوانی صرف چند افراد تک محدود نہیں بلکہ یہ گزشتہ کئی برسوں سے فعال ایک نہایت منظم اور مضبوط نیٹ ورک ہے، اس بات کی نشاندہی بھی کی گئی کہ کسٹم ڈیپارٹمنٹ میں نگرانی کے فقدان، اعلیٰ افسران کی غفلت اور بعض معاملات میں دانستہ چشم پوشی نے اسمگلنگ کے اس نیٹ ورک کو مزید بااثر بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم معائنہ کمیشن نے ذمہ داروں کا تعین یقینی بنانے کے لیے افسران کو تین کیٹگریز میں تقسیم کیا۔ پہلی کیٹگری میں وہ افسران شامل تھے جو براہ راست اسمگلنگ یا اس کی سہولت کاری میں ملوث پائے گئے، ان میں ایڈیشنل کلکٹر افنان خان پشاور، واجد زمان اسلام آباد، شاہ فیصل ملتان، اسسٹنٹ کلکٹر اسامہ دستگیر اسلام آباد، نعیم رضا سرگودھا، سپرنٹنڈنٹ رانا غلام مجتبیٰ نون ملتان، عرفان ممتاز فیصل آباد، انسپکٹر محمد سکندر الزمان ڈیرہ غازی خان، مرتضیٰ مشتاق لاہور، لیاقت واصف ملتان، وقاص لغاری ڈیرہ غازی خان اور یو ڈی سی ابوبکر گلگت شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق یو ڈی سی ابوبکر کو 210 سے زائد قیمتی اسمگل شدہ موبائل فونز کے ساتھ رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا تھا جبکہ متعلقہ کلکٹریٹ میں مزید افسران کے کردار کی جانچ پڑتال کی سفارش بھی کی گئی تھی۔ دوسری کیٹیگری میں ان افسران کو شامل کیا گیا جنہوں نے اسمگلنگ کے خلاف کارروائی سے دانستہ گریز کیا یا بالواسطہ طور پر ان غیر قانونی سرگرمیوں میں معاونت کی۔ ذرائع کے مطابق اس فہرست میں کلکٹر سعود عمران ملتان، انسپکٹر ضیا بھٹی ملتان، اسلام آباد میں تعینات محسن، خالد صمد، ارشد، جبکہ سپاہی جمیل، عتیق الرحمٰن، اکرم، عظمت اور اسحاق شامل تھے۔ تیسری کیٹیگری ان سینئر افسران پر مشتمل ہے جن کی کمزور کمانڈ اور ناقص نگرانی کے باعث ان کے دائرہ اختیار میں اسمگلنگ کی سرگرمیاں بلا روک ٹوک جاری رہیں۔ اس فہرست میں ملتان میں تعینات کلکٹر منزہ مجید، سید عمران سجاد بخاری، سابق کلکٹر محمد آصف ہارون اسلام آباد، ڈپٹی کلکٹر مریم الحق ملتان و لاہور، اسسٹنٹ کلکٹر ضیغم ملتان اور انسپکٹر علی رضا شاہ اسلام آباد شامل تھے۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں واضح سفارش کی گئی تھی کہ ان تمام افسران کے خلاف فوری طور پر محکمانہ تحقیقات شروع کی جائے اور جہاں شواہد مکمل ہوں وہاں قانونی چارہ جوئی کی جائے۔ اس کے ساتھ کسٹمز اور بارڈر کنٹرول سسٹم میں بنیادی اصلاحات موثر نگرانی اور ادارہ جاتی احتساب کو بھی یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم آفس میں رپورٹ موصول ہونے اور اعلیٰ سطح کے مشاورت کے بعد یہ امکان ظاہر کیا تھا کہ آئندہ چند روز میں ہی ابتدائی تادیبی اقدامات شروع کیے جائیں گے۔ تاہم بعد ازاں یہ اہم ترین اور سنسنی خیز رپورٹ مبینہ طور پر دبا دی گئی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ رپورٹ میں نامزد متعدد اعلیٰ افسران آج بھی حساس و اہم عہدوں پر فائز ہیں جبکہ ایک سینئر افسر جمیل حیدر اس وقت کراچی میں تعینات ہیں۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

16 ارب 6 کروڑ ڈالر پر پہنچے، دسمبر میں 12.6 فیصد کے اضافے سے 3 ارب 60 کروڑ ڈالر کی ترسیلات زر کی آمد جیسے عوامل کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعہ کو 76 ویں روز بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا۔ ایکسپلوریشن سیکٹر میں فارن انفلوز کی توقعات، ریکوڈک میں اوسطاً سالانہ 3 ارب ڈالر کی آمدنی کے تخمینے، اربوں ڈالر مالیت کے دفاعی مصنوعات کے برآمدی معاہدے زرمبادلہ کی مارکیٹوں پر اثر انداز رہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانیے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا جس سے ایک موقع پر ڈالر کی قدر 28 پیسے کی کمی سے 279 روپے 77 پیسے کی سطح پر بھی آ گئی تھی لیکن سپلائی میں بہتری آتے ہی مارکیٹ فورسز کی ڈیمانڈ آنے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر 03 پیسے کی کمی سے 280 روپے 02 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

کے مطابق حالیہ ہفتے 21 اشیائے ضروریہ مہنگی، 8 کی قیمتوں میں کمی جبکہ 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ انڈے 1.44 فیصد، پیاز 2.20 فیصد، آلو 3.73 فیصد، ٹماٹر 0.05 فیصد، کیلے 0.21 فیصد، دال چنا 1.51 فیصد، دال مسور 0.38 فیصد اور دال ماش کی قیمت میں 0.65 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ اسی طرح چکن کی قیمت میں 2.86 فیصد، سرخ مرچ پاؤڈر کی قیمت میں 1.01 فیصد، لہسن کی قیمت میں 2.44 فیصد، چائے کی قیمت میں 0.73 فیصد، آٹے کی قیمت میں 5.07 فیصد، ایل پی جی کی قیمت میں 0.88 فیصد، چینی کی قیمت میں 0.58 فیصد، بریڈ کی قیمت میں 0.51 فیصد، جلانے والی لکڑی کی قیمت میں 0.25 فیصد اور باسمتی ٹوٹا چاول کی قیمت میں 0.41 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن (این ایل سی)، ڈی پی ورلڈ، پاکستان ریلوے، بندرگاہوں کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ سے مارشلنگ یارڈ پپری تک 52 کلومیٹر ڈیڈیکیٹڈ فریٹ ریلوے لائن چار ماہ میں بحال ہوگی، پپری میں جدید ملٹی ماڈل لاجسٹکس پارک، ریل، سڑک اور بندرگاہی سہولیات ایک مرکز میں دستیاب ہوں گے، منصوبہ کی تکمیل سے کراچی کی بندرگاہوں پر دباؤ، ترسیل کی لاگت، وقت اور ماحولیاتی آلودگی میں واضح کمی آئے گی۔ اس اہم راہداری منصوبہ سے درآمدات اور برآمدات کی چین، وسطی ایشیا اور دیگر علاقائی ممالک تک ترسیل سستی، تیز اور مؤثر بنائی جائے گی، منصوبہ کی تکمیل کے بعد کراچی بندرگاہ پر آنے والے درآمدی کنٹینرز کو براہ راست ریل کے ذریعے پپری منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

کی سطح پر آگئی۔ عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ اس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار 700 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 72 ہزار 262 روپے کی سطح پر آگئی اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 3 ہزار 172 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 05 ہزار 745 روپے کی سطح پر آگئی۔ اسی طرح فی تولہ چاندی کی قیمت 270 روپے کے اضافے سے 8 ہزار 465 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت بھی 232 روپے کے اضافے سے 7 ہزار 257 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

پرائزز ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے کاروباری منصوبے سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی ہے۔ اجلاس کے دوران ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے تین سالہ روڈ میپ پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے خصوصی معاون برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر اور ایس ایم ای ڈی اے کے حال ہی میں منتخب ہونے والے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی عملی اور موثر منصوبہ بندی کو سراہا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر کام کرتے ہیں اور زور دیا کہ ایس ایم ای شعبے کی ترقی میں ملکی برآمدات بڑھانے کی غیر معمولی صلاحیت موجود ہے۔ اجلاس کو ایس ایم ایز کو درپیش چیلنجز، ان کے حل کے لیے ایکشن پلان، ایس ایم ایز کو قومی برآمدات میں ضم کرنے کی حکمت عملی اور کاروباری منصوبے میں شامل دیگر اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ علاوہ ازیں بریفنگ میں مختلف ممالک کے ساتھ تعاون بڑھانے کے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا تاکہ پاکستان کے ایس ایم ای شعبے کو عالمی منڈی میں مسابقتی بنیادوں پر متعارف کرایا جا سکے۔ اس بات کا ذکر کیا گیا کہ مقامی ایس ایم ایز کی استعداد بڑھانے کے لیے حال ہی میں چھ شہروں میں متعدد ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا ہے، اور چھوٹے کاروباروں کو عالمی مقابلے کے لیے تیار کرنے کے لیے مختلف تربیتی پروگرامز جاری ہیں۔ ایس ایم ای شعبے میں خواتین کی شرکت اور فعال کردار کے حوالے سے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ، خصوصی معاون وزیراعظم ہارون اختر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جمیل احمد، چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے چیف سیکریٹریز، ایس ایم ای ڈی اے کے حال ہی میں منتخب ہونے والے بورڈ اراکین اور متعلقہ اداروں کے اہلکاروں نے شرکت کی۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

پہلے چھ ماہ کے دوران مجموعی طور پر موصول شدہ ترسیلات زر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو 10.6 فیصد اضافہ ہے جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں 17.8 ارب ڈالر موصول ہوئے تھے۔ دسمبر 2025ء کے دوران ترسیلات زر کا بڑا حصہ سعودی عرب سے موصول ہوا یہ رقم 81 کروڑ 31 لاکھ ڈالر بنی۔ اسی طرح متحدہ عرب امارات سے 72 کروڑ 61 لاکھ ڈالر، برطانیہ سے 55 کروڑ 97 لاکھ ڈالر اور امریکا سے 30 کروڑ 17 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

2025 میں متعدد لابیسٹ ہائر کیے۔ اوپن سیکرٹس کے مطابق بھارتی حکومت نے امریکی لابنگ فرم بی جی آر گروپ کو 4 لاکھ 50 ہزار ڈالرز دے کر سفارتی ساکھ کو بحال کرنے کی کوشش کی۔ بھارتی جریدہ دی انڈین ایکسپریس نے بھی بھارتی حکومت کی جانب سے امریکا میں کی گئی لابنگ کا پردہ چاک کر دیا۔ آپریشن سندور میں (ذلت آمیز شکست کے بعد) بھارت نے امریکا میں لابنگ کے ذریعے ٹرمپ انتظامیہ سے رابطے شروع کیے۔ بھارت نے آپریشن سندور سے متعلق گمراہ کن پروپیگنڈا کی ترویج کیلیا مریکی انتظامیہ سے بھی رابطے کی کوششیں کیں۔ دی انڈین ایکسپریس نے مزید بتایا کہ بھارتی وفد نیا مریکی انتظامیہ سے ملاقاتوں کیلئے ایس ایچ ڈبلیو لابنگ فرم کی بھی مدد لی۔ بھارت نے ایس ایچ ڈبلیو کو 1.8 ملین ڈالر سالانہ اور مرکری پبلک افیئر نامی لابنگ فرم کو 75 ہزار ڈالرز سہ ماہی پر ہائر کیا۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

کیا گیا ہے۔ یہ ڈیزائن 1979ء سے پہلے ایران کے جھنڈے کا حصہ تھا اور اب بھی بعض مخالفین اور ایرانی تارکین وطن کے درمیان ایک علامتی نشان کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ تبدیلی ایکس کے ویب ورژن پر خاص طور پر نظر آرہی ہے اور موبائل یا دیگر پلیٹ فارمز میں ابھی مکمل لاگو نہیں ہوسکی۔ یہ تبدیلی کوئی سادہ تکنیکی اپ ڈیٹ نہیں ہے۔ یہ ایران میں جاری احتجاجات اور سیاسی بیانات کے تناظر میں کی گئی ہے جہاں کچھ گروہ یا افراد پرانے جھنڈے کو موجودہ حکومت کے خلاف علامتی نمائندگی کے طور پر استعمال کرتے ہیں

بقیہ 18 تجارت نیوز

کے مطابق ملاقات کا محور ٹوکنائزیشن، مصنوعی ذہانت، بلاک چین اور ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر میں ابھرتے ہوئے عالمی رجحانات اور پاکستان کے مالیاتی شعبے میں جاری اصلاحات اور ڈیجیٹل ٹرانسفرمیشن کے ایجنڈے کی حمایت میں تعاون کے امکانات تھے۔ وفد نے حکومت کے ساتھ شراکت داری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور رئیل ورلڈ ایسٹس کی ٹوکنائزیشن، بلاک چین پر مبنی پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت سے چلنے والے حل اور جدید ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر جیسے شعبوں میں تکنیکی مہارت، مشاورتی تعاون اور استعداد کار میں اضافے کی پیشکش کی۔ وفد نے عالمی سطح پر رائج بہترین طریقوں اور نجی شعبے کی اختراعات پر روشنی ڈالی جو پاکستان میں شفافیت، کارکردگی، سرمایہ کاروں کی رسائی اور مالیاتی شمولیت کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں جب کہ ملک کے قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کا مکمل احترام بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ یہ مذاکرات پاکستان کے ان حالیہ اقدامات کے تناظر میں ہوئے مذاکرات کا مقصد ابھرتی ہوئی مالیاتی ٹیکنالوجیز کو ذمہ دارانہ طور پر اپنانے کے امکانات کا جائزہ لینا ہے، بشمول حکومتی سطح پر سرکاری اور رئیل ورلڈ اسیٹ کے لیے ضوابط کے مطابق بلاک چین انفرااسٹرکچر کی تشخیص کی کوششیں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اگر ان ٹیکنالوجیز کو دانشمندی کے ساتھ استعمال کیا جائے تو یہ سرمایہ کاری کی منڈیوں (کیپٹل مارکیٹس) کو وسعت دینے، بین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور پائیدار معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔ محمد اورنگزیب نے وفد کی دلچسپی کا خیرمقدم کیا اور پاکستان کے ساتھ تعمیری طور پر منسلک ہونے کی ان کی خواہش کو سراہا۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ پاکستان اپنے مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کی جانچ پڑتال کی خاطر معتبر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر نے زور دیا کہ کسی بھی مستقبل کی شراکت داری کو قومی ترجیحات، شفافیت اور قابل اطلاق قوانین و پالیسیوں کے مطابق رہنمائی حاصل ہوگی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

کے سرکاری دورہ عراق کے دوران عراقی فضائیہ نے جے ایف 17 تھنڈر میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں ممالک کی فضائی افواج کے درمیان دفاعی تعاون، مشترکہ تربیت اور صلاحیتوں میں اضافے پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے سرکاری دورے کے دوران عراقی فضائیہ کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا جہاں انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ بعد ازاں ائیر چیف نے عراقی فضائیہ کے کمانڈر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ دفاعی اور فضائی تعاون پر تفصیلی گفتگو ہوئی جبکہ مشترکہ تربیت، صلاحیتوں میں اضافے اور مستقبل میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ائیر چیف نے عراقی فضائیہ کی تربیت کے شعبے میں پاک فضائیہ کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور عراق کے مذہبی، ثقافتی اور تاریخی تعلقات کو بھی اجاگر کیا گیا اور دونوں فضائی افواج کے درمیان مشترکہ مشقوں کے انعقاد پر اتفاق کیا گیا۔ عراقی ائیر چیف نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں اور آپریشنل صلاحیتوں کی تعریف کرتے ہوئے جے ایف 17 تھنڈر میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس کے علاوہ عراقی فضائیہ نے پاک فضائیہ کے سپر مشاق تربیتی طیاروں میں بھی دلچسپی ظاہر کی۔ عراقی فضائیہ کے سربراہ نے خطے میں استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس دورے سے پاکستان اور عراق کے درمیان دفاعی اور فضائی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

پر منحصر ہونا چاہیے۔ یہ بات انہوں نے واضح طور پر دہرادی کہ گرین لینڈ بیچنے یا غیر ارادی طور پر شامل کیے جانے کا مشن نہیں ہے۔ اسی طرح گرین لینڈ کے وزیراعظم مٹے ایگیدی نے بھی کہا کہ ہم نہ تو امریکی بننا چاہتے ہیں، نہ ڈینش بلکہ ہم اپنے طور پر کالالیت (Kalaallit) (گرین لینڈ کے باشندے) رہنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ گرین لینڈ بیچنے یا کسی طاقت کے زیر تسلط نہیں آ سکتا۔ گرین لینڈ کی ڈیموکریٹ پارٹی کے رکن جینز فریڈرک نیلسن جو پارلیمانی انتخابات میں اہم کردار رکھتے ہیں، نے بھی سخت الفاظ میں امریکی موقف کو رد کیا اور کہا کہ گرین لینڈ فروخت نہیں ہوگا۔ گرین لینڈ کے لوگوں اور سیاسی نمائندوں نے ٹرمپ کے رویئے کو تضحیک اور دھمکی آمیز قرار دیا ہے، خاص طور پر جب ٹرمپ کی جانب سے گرین لینڈ کی حیثیت کو بزور طاقت تبدیل کرنے کی بات کی گئی۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

کیے جائیں، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے، کیونکہ یہ منصوبے غذائی تحفظ اور معاشی استحکام کیلئے ناگزیر ہیں، وزیراعلیٰ سندھ نے پانی اور زراعت سے متعلق مسائل کے حل کیلئے جامع حکمت عملی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آبپاشی کا مضبوط نظام سندھ کی زرعی ترقی کی کامیابی کی بنیاد ہے، غذائی خود کفالت کے حصول اور برآمدات میں اضافے کے لیے آبپاشی کے انفرااسٹرکچر کو جدید اور موسمیاتی چیلنجز کے مقابلے کے قابل بنانا ناگزیر ہے۔ صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو نے وزیراعلیٰ سندھ کو سکھر بیراج پر جاری اور آئندہ منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی، جس میں نہری بندش کے دوران بیراج کے 27 دروازوں کی تبدیلی کا اہم منصوبہ شامل ہے، وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ دروازوں کی تبدیلی مقررہ مدت میں مکمل کی جائے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی کو پانی کی فراہمی میں 50 فیصد اضافے کیلیے کے فور منصوبے کے تحت کے بی فیڈر کی لائننگ کے کام کا بھی جائزہ لیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبہ 60 فیصد مکمل ہو چکا ہے اور جنوری کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے، تاہم وزیراعلیٰ نے جزوی تکمیل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ موجودہ شہری بندش کے دوران کم از کم 70 فیصد کام مکمل کیا جائے، تاکہ پانی کے ضیاع میں کمی آئے اور شہری و صنعتی ضروریات پوری ہو سکیں۔ نہروں کی صفائی اور دیکھ بھال وزیراعلیٰ سندھ نے شہروں کی باقاعدہ صفائی اور دیکھ بھال کی اہمیت پر زور دیا تا کہ پانی کی ترسیل بہتر ہو اور منصفانہ تقسیم ممکن بنائی جا تقسیم ممکن بنائی جا سکے۔ عالمی بینک کے تعاون سے اکرم واہ کی ڈی اسلٹنگ کا کام جاری ہے، جبکہ دیگر شہری منصوبے بھی تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور محکمہ خزانہ کو ہدایت کی کہ فنڈز کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے اور منصوبوں کی پیش رفت، اخراجات اور معیار کی کڑی نگرانی کی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ تاخیر یا ناقص کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، کیونکہ آبی تحفظ، زرعی پیداوار اور شہری پانی کی فراہمی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے۔ اجلاس کے اختتام پر وزیراعلیٰ سندھ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق تفصیلی رپورٹس پیش کی جائیں اور واضح کیا کہ کسی بھی تاخیر یا معیار میں کمی پر سخت احتساب کیا جائیگا۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

موجودہ دور میں پاکستان اور امریکا کے تعلقات اپنی تاریخ کی بہترین سطح پر ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان مضبوط، خوشگوار اور باہمی احترام پر مبنی روابط دونوں ممالک کے تعلقات کی مستحکم بنیاد کی عکاسی کرتے ہیں۔ اینڈی ہیلس نے انکشاف کیا کہ امریکی حکومت کے ایگزم بینک کے اشتراک سے پاکستان کے اہم معدنی منصوبے ریکوڈک میں کئی ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

کستانی بیرون ملک ملازمت کے لیے گئے، سال 2024ء میں 7 لاکھ 27 ہزار 381 پاکستانی بیرون ملک گئے تھے۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ 2025ء میں 5659 اکاؤنٹنٹ، 10 ہزار 503 باورچی، 3 ہزار 795 ڈاکٹر، 5946 انجینئرز بیرون ملک گئے۔ دستاویز کے مطابق 2025ء میں 1640 نرسز، 1725 اساتذہ، 1 لاکھ 63 ہزار 718 ڈرائیور، 6475 الیکٹریشن بیرون ملک ملازمت کے لیے گئے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

تنظیموں سے کہا گیا ہے کہ 30 جنوری 2026ء تک بجٹ تجاویز ٹیکس پالیسی آفس کو ارسال کردیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس بار اگلے مالی سال کا وفاقی بجٹ ٹیکس پالیسی آفس تیار کرے گا، اسٹیک ہولڈرز سے کہا گیا ہے جو بجٹ تجاویز بھجوائی ہیں ان کے ساتھ اس کے جواز بھی پیش کیے جائیں اور یہ بھی بتایا جائے کہ کس تجویز کا ٹیکس ریونیو پر کیا اثر پڑے گا؟

بقیہ 25 تجارت نیوز

ایشن کے نمائندوں نے کورنگی اور ملیر کے علاقوں میں درپیش سیکیورٹی مسائل سے ڈی آئی جی ایسٹ زون کو آگاہ کیا انہوں نے بتایا کہ بھتہ خوری فیکٹری مالکان کو ہراساں کرنا اور ناجائز مطالبات منوانے کے لئے بلیک میلنگ جیسے سنگین مسائل موجود ہیں۔ ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی نے ہدایت کی کہ صنعتی علاقوں میں پولیس گشت کو مزید موثر بنایا جائے مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے اور فیکٹری مالکان کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ کمیٹی کے چیئرمین نے اس ذمہ داری کو بلیک ہول قرار دیا۔ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ایکٹ 2005 کے مطابق، آڈٹ میں نشاندہی کی گئی کہ مسافروں سے وصول کی گئی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی اور ایڈوانس ٹیکس کی رقم کوتی کے 45 دن کے اندر سرکاری خزانے میں جمع کرانا ضروری ہے۔ پی آئی اے کے مالی سال 2022 کے آڈٹ کے دوران یہ دیکھا گیا کہ مینجمنٹ واجبات اور حکومتی ٹیکسز کی ادائیگی بروقت نہیں کر رہی تھی، جس کے باعث ادائیگیوں کا حجم بڑھتا گیا اور ادارے کی نقد صورت حال مزید متاثر ہوئی۔ وزارت دفاع کے ایک عہدیدار نے کمیٹی کو بتایا کہ واجبات کی مجموعی رقم 131.5 ارب روپے میں سے 115 ارب روپے اسکیم آف آرینجمنٹ کے تحت ہولڈنگ کمپنی کو منتقل کیے جاچکے ہیں جبکہ 9 ارب روپے قانونی معاملات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ کمیٹی نے پی آئی اے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ 5 ارب روپے کی واجب الادا رقم کی وصولی یقینی بنائی جائے۔ مزید بتایا گیا کہ کراچی کے کارساز میں کے ڈی اے اسکیم-1 کا فٹبال گراؤنڈ اور لاڑکانہ کا سمبارہ ان ہوٹل، جو وفاق اور سندھ کے درمیان متنازعہ جائیدادیں تھیں، وہ بھی پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی کو منتقل کردی گئی ہیں۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

جاری کی ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ حکومت دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لیے تحقیق کے شعبے میں سرمایہ کاری کر رہی ہے اور انہوں نے ماہی گیری، پھلوں اور ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے لیے اقدامات سمیت ایک جامع پانچ سالہ روڈ میپ بھی طلب کیا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والے اس جائزہ اجلاس کے دوران ورکنگ گروپ کے چیئرمین رانا نسیم اور ان کی ٹیم نے زرعی شعبے کے چیلنجز اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی رپورٹ پیش کی جس پر وزیراعظم نے زور دیا کہ زرعی اصلاحات اور کسانوں کو عالمی طریقوں سے روشناس کرانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اعلیٰ معیار کے بیجوں، مناسب قیمت پر کھاد کی بروقت فراہمی اور فصلوں کو بیماریوں سے بچانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ حال ہی میں ایک ہزار پاکستانی طلبا کو سرکاری خرچ پر جدید زرعی ٹیکنالوجی کی تربیت کے لیے چین بھیجا گیا ہے کیونکہ پاکستان اس شعبے میں ترقی کی بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

ایران اور وسطی ایشیا کے متبادل راستوں پر زیادہ انحصار شروع کر دیا۔ یہ تجارتی استحکام اس وقت دیکھنے میں آیا جب اسلام آباد کے ساتھ کشیدگی نے طویل عرصے سے قائم ٹرانزٹ راستوں کو متاثر کیا، جو خشکی سے گھرے افغانستان کیلئے سمندری بندرگاہوں تک رسائی کا بنیادی ذریعہ رہے ہیں۔ تاجروں نے اس کے مقابلے میں ایران کی چابہار بندرگاہ کے ذریعے سامان کی نقل و حمل میں اضافہ کیا اور ازبکستان، ترکمانستان اور تاجکستان کے راستے زمینی تجارت کو وسعت دی، جس سے تاخیر اور سیاسی غیر یقینی صورتحال کے اثرات کم ہوئے۔ وزارت تجارت ذرائع کے مطابق 2025 میں افغانستان کی مجموعی تجارت یعنی برآمدات اور درآمدات کی مجموعی مالیت بڑھ کر تقریباً 13.9 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔ برآمدات کا اندازہ تقریباً 1.8 ارب ڈالر لگایا گیا، جو گزشتہ سال کے قریب ہی رہی، جبکہ درآمدات بڑھ کر 12.1 ارب ڈالر سے کچھ زیادہ ہوگئیں۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے شہباز شریف نے اس ضرورت پر زور دیا کہ ملک کی زرعی پیداوار کو عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ برآمدات میں اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت وفاقی اور صوبائی سطح پر زرعی اصلاحات کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ بنیادی ہدف ہے، جس کے لیے بیج، کھاد اور زرعی ادویات تک بہتر رسائی کے ساتھ ساتھ کسانوں میں بین الاقوامی معیار کے بارے میں آگاہی بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے زرعی شعبے میں اصلاحات اور کسانوں کی جدید تقاضوں سے آگاہی ناگزیر ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

ہیں، پہلی بار اپنے جڑواں بچوں کو سامنے لے آئے تاہم چہرہ اب بھی مخفی رکھا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹیسلا اور ایکس کے مالک ایلون مسک کی جڑواں اولاد کے ساتھ تصویر ایکس پر وائرل ہوگئی۔ ایلون مسک کے جڑواں بچوں میں سے بیٹے کا نام اسٹرائیڈر سیکھر اور بیٹی کا نام کومیٹ ایزور ہے۔ انفرادیت کے حامل ان ناموں پر سب ہی حیران تھے۔ اس سے قبل ایلون مسک اپنے بیٹے اسٹرائیڈ سیکھر کے نام کی وجہ تسمیہ بھارت میں ایک انٹرویو میں بتا چکے ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

ذریعہ نہیں بلکہ معاشی مواقع، سیاحت کے فروغ اور علاقائی رابطوں کا ایک گیٹ وے ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ پاکستان کی تاریخ میں جاری کیا گیا فیری سروس کا پہلا لائسنس ہے جو بحری شعبے کے لیے ایک تاریخی کامیابی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ فیری ٹرمینل کے افتتاح سے کاروباری برادری کے اعتماد اور بھروسے میں مزید اضافہ ہوگا۔ سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ مزید تاجروں نے فیری سروس کے لائسنس حاصل کرنے میں گہری دلچسپی ظاہر کی ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

مضبوط پورٹ فولیو تیار کیا۔ پہلے سال اس کی آمدنی 8500 ڈالر رہی جو دوسرے سال بڑھ کر 17400 ڈالر تک پہنچ گئی لیکن کووڈ وبا کے باعث زیادہ تر کلائنٹس ختم ہوگئے۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

ہے۔ اعلامیے کے مطابق سال 2026 کے لیے ڈسکوز کی مجموعی مالی ضرورت کا تخمینہ 3379 ارب روپے لگایا گیا ہے، جس میں 2923 ارب روپے بجلی کی خریداری کی قیمت شامل ہے جب کہ 456 ارب 15 کروڑ روپے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے اخراجات اور منافع کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ نیپرا کے مطابق سال 2026 میں بجلی کی سالانہ فروخت کا تخمینہ 101 ارب یونٹ لگایا گیا ہے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ ہر کمپنی کا الگ الگ ٹیرف مقرر کیا گیا ہے، تاہم ملک بھر میں بجلی کے یکساں ٹیرف کا قانون نافذ ہے۔ نیپرا نے یکساں ٹیرف کی درخواست دائر کرنے کے لیے بھی اپنا فیصلہ وفاقی حکومت کو ارسال کردیا ہے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

کاروں کا اعتماد حاصل کر رہا ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی مارکیٹ، نوجوان اور تعلیم یافتہ افرادی قوت اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش مراعات کو نمایاں طور پر اجاگر کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق تقریب میں ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید، ڈی ای آئی کے ترکیہ-پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین عطیلا ڈی ریلیکا، پی ڈبلیو سی ترکیہ کے ریجنل سینئر پارٹنر جینک اولو، ترک ملٹی نیشنل کمپنیوں کے سینئر حکام، اور ڈی ای آئی کے ترکیہ-پاکستان بزنس کونسل کے ارکان نے شرکت کی۔ شرکاء سے خطاب میں ڈاکٹر یوسف جنید نے پاکستان کی معاشی استحکام، کرنسی کی مضبوطی اور سرمایہ کار دوست اصلاحات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے مویشی پالنے، ڈیری، قابل تجدید توانائی اور ہاؤسنگ سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کیے اور ترک کمپنیوں کو پاکستان میں درمیانی سے طویل مدتی شراکت داری کے امکانات تلاش کرنے کی ترغیب دی۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

اور خصوصی امور احسن اقبال نے کی۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مجموعی مہنگائی کی شرح دسمبر 2024 کے 4.1 فیصد سے بڑھ کر دسمبر 2025 میں 5.6 فیصد ہوگئی، جس کی بنیادی وجوہات گیس کے نرخوں میں اضافہ اور خوراک کی قیمتوں میں اضافہ ہیں۔ اجلاس پیر کو ہوا تاہم اس کی سرکاری اعلامیہ منگل کو جاری کیا گیا۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس (پی بی ایس) کے ماہرین نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ گیس چارجز، سونے کی قیمت، گندم، دودھ اور مرغی کے نرخ میں اضافہ سالانہ افراط زر میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جب کہ آلو، ٹماٹر، پیاز، چائے، دالیں، بجلی اور اسٹیشنری سمیت کئی اشیا کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی ہے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ ایس ایس جی سی کی ویب سائٹ پر دستیاب معلومات کے مطابق، آصف انعام ایک معروف پاکستانی کاروباری شخصیت اور صنعت کار ہیں، جن کا ٹیکسٹائل سیکٹر میں نمایاں مقام اور شہرت ہے۔ آصف انعام نے امریکہ، برطانیہ، یورپی یونین، کینیڈا، مشرق وسطی اور مشرق بعید میں وسیع پیمانے پر سفر کیا ہے، جس سے انہیں عالمی سطح پر وسیع تجربہ حاصل ہوا ہے۔ وہ کپاس اور ٹیکسٹائل کے ماہر ہیں اور اس شعبے میں اہم تحقیقی کام کر چکے ہیں۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

نے کہا کہ دہشتگردی کے منصوبے کو ناکام بنانے پر وزیر داخلہ سندھ ضیاء لنجار، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو، ایڈیشنل آئی جی آزاد خان تنولی، سی ٹی ڈی اور قانون نافذ کرنے والے دیگر ادارے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب ہو جاتے تو کراچی ایک بڑی آفت سے دوچار ہو سکتا تھا، جس کے نتیجے میں بے شمار قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع اور شدید معاشی نقصان ہوتا۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

یہ دونوں شہروں کے درمیان پہلی باقاعدہ پروازیں ہوں گی۔ واضح رہے کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان بھارت کا 1,500 کلومیٹر (930 میل) سے زائد کا جغرافیائی فاصلہ حائل ہے، بیان میں بنگلہ دیش ایئر لائنز نے ایک بیان میں کہا کہ براہ راست پروازوں کی بحالی سے بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان رابطوں میں نمایاں بہتری آئے گی، جس سے کاروباری سفر، سیاحت اور خاندانوں کے ملاپ میں مدد ملے گی۔ بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان سفر کرنے والے مسافروں کو فی الحال دبئی اور دوحہ جیسے خلیجی مراکز کے ذریعے کنیکٹنگ فلائٹس استعمال کرنی پڑتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق نومبر 2024 میں مال بردار بحری جہازوں نے کراچی سے بنگلہ دیش کی اہم ترین بندرگاہ چٹاگانگ کے لیے براہ راست آمد و رفت دوبارہ شروع کردی تھی۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

لاکھوں پاکستان ریلوے کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 7 دہائی بعد محکمہ ریلوے کے پلیٹ فارمز کو جدید خطوط پر استوار کرنا انکا قابل قدر کارنامہ ہے جبکہ پلیٹ فارم مسافر کی سب سے پہلی سیڑھی ہے جبکہ اپنے پیاروں کو الوداع کہنے والوں کیلئے جاذب نظر خوشگوار تبدیلی اور فرحت بخش احساس کیساتھ محکمہ ریلوے کا ترقی کی جانب بڑھتا ہوا تیز ترین سفر کا عملی ثبوت بھی ہے عادل خانزئی ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ہمارے ملک کی لگ بھگ 60 فیصد آبادی محکمہ ریلوے سے سفر کرتی ہے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

کے بغیر انکم ٹیکس کی وصولی 243 ارب روپے تھی۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقہ اپنی مجموعی آمدن کا تقریباً 38 فیصد ٹیکس ادا کرتا ہے جو نہ صرف خطے کے دیگر ممالک بلکہ رئیل اسٹیٹ اور ریٹیل سیکٹر کے مقابلے میں بھی کہیں زیادہ ہے۔ اطلاعات کے مطابق ان کارپوریٹ ملازمین نے سب سے زیادہ 117 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 14 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

کیا گیا۔ وزارت تجارت نے کمیٹی کو بتایا کہ اگرچہ ایران سے اسٹیل کی درآمد کی اجازت دی جا چکی ہے، تاہم اس کے نتیجے میں ملک کے اندر اسٹیل بنانے والی صنعت کو نقصان پہنچا ہے

بقیہ 42 تجارت نیوز

اور بیرونی میں کمی واقع ہوئی اور یہ 77.543 ٹریلین روپے تک پہنچ گئے، جو جون 2025 میں 77.888 ٹریلین روپے تھے، یعنی 0.44 فیصد کی کمی ہوئی جبکہ وفاقی حکومت کے قرضوں میں کمی کی بنیادی وجہ بیرونی قرضوں میں کمی تھی۔ پاکستان کا بیرونی قرض نومبر 2025 کے اختتام تک 492 ارب روپے کم ہو کر 22.925 ٹریلین روپے رہ گیا، جو جون 2025 میں 23.417 ٹریلین روپے تھا، اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس مدت کے دوران غیر ملکی مالی اعانت پر انحصار کم ہوا۔ تاہم داخلی سطح پر حکومت کے قرضے میں پہلی پانچ ماہ میں 147 ارب روپے کا اضافہ ہوا اور یہ 54.619 ٹریلین روپے تک پہنچ گئے۔ اس اضافے کی بنیادی وجہ طویل مدتی قرضوں میں نمایاں اضافہ تھا، جو 1.18 فیصد یا 538 ارب روپے بڑھ کر نومبر 2025 میں 46.191 ٹریلین روپے ہو گئے۔ اس کے برعکس وفاقی حکومت کے قلیل مدتی داخلی قرضے نومبر میں 393 ارب روپے کم ہو کر 8.363 ٹریلین روپے رہ گئے، جو جون میں 8.756 ٹریلین روپے تھے، جس سے طویل مدتی مالی اعانت کی جانب رجحان ظاہر ہوتا ہے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

خلیجی، مشرق افریقی اور ایشیائی منڈیوں میں مضبوط ہو سکے۔ جنید انور چوہدری نے کہا کہ یہ اقدام درمیانے درجے کے پروسیسرز اور ویلیو ایڈڈ یونٹس کو عالمی خریداروں سے جوڑے گا، اور جدید انفرااسٹرکچر، سرٹیفکیشن کے تقاضے اور موثر برآمدی لاجسٹکس فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ منصوبہ بلیو اکانومی کے فروغ کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

پر خدمات انجام دیں گے۔ سابق نگران وزیر خزانہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سابق گورنر ڈاکٹر شمشاد اختر گزشتہ ماہ 70 برس کی عمر میں انتقال کرگئی تھیں۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

فارم پر یکجا ہوگا۔ نمائش میں وفاقی و صوبائی وزراء، پالیسی ساز، صنعتکار، آئی ٹی ماہرین اور بین الاقوامی مندوبین بھرپور شرکت کریں گے۔ منتظمین کے مطابق ایونٹ میں 850 سے زائد اسٹالز، 3 ہزار سے زائد عالمی برانڈز جبکہ 350 سے زائد بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور مندوبین کی آمد متوقع ہے۔ یہ شاندار نمائش ای کامرس گیٹ وے پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کے زیر اہتمام اور ایس آئی ایف سی کی بصیرت افروز اور فیصلہ کن معاونت سے منعقد کی جا رہی ہے۔ ایونٹ کے دوران عالمی چیف انفارمیشن سیکیورٹی آفیسر سمٹ کے ساتھ سائبر تھریٹ انٹیلیجنس، اے آئی لیڈرشپ، ڈیجیٹل اثاثہ جات اور فن ٹیک فارورڈ فورمز کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ نوجوانوں کے لیے اسکل ڈویلپمنٹ، تربیتی ورکشاپس اور رہنمائی سیشنز کا اہتمام کیا جائے گا۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

وزیراعظم کے خصوصی معاون ہارون اختر خان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح اجلاس میں پیش کی گئی، جس میں پالیسی کے مقاصد، عمل درآمد کے فریم ورک اور پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکریٹری صنعت و پیداوار سیف انجم، ای ڈی بی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حماد منصور اور پاکستان موبائل فون مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں پالیسی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس میں مکمل درآمدات کے مقابلے میں مقامی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ کے فوائد کا تقابلی جائزہ بھی شامل تھا۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

کرنے کی سابقہ کوششیں کئی عملی رکاوٹوں کا شکار رہیں، جن میں سب سے بڑا مسئلہ سوڈیم دھات کی بہت زیادہ مقدار کی ضرورت تھی، جس نے ان کے وسیع پیمانے پر استعمال کی راہ میں بڑی رکاوٹ ڈالی۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

کی مالیت کروڑوں روپے میں ہے۔ پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے اسمگلنگ کے مکمل خاتمے تک آپریشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ برآمد شدہ اشیاء کو 17 مزدا ٹرکوں کے ذریعے مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ جرائم اور اسمگلنگ کے خاتمے کے لیے ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ، رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔ آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

نظام اور سرکاری ادائیگیوں کی ڈیجیٹائزیشن پر زور دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ویزا کے وفد نے پاکستان میں بینکوں، فن ٹیک کمپنیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں کے مشاہدات شیئر کیے۔ مذاکرات میں نقد رقم کی جگہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے استعمال، فراڈ سے بچاؤ، چھوٹے اور نینو کاروبار کے لیے تعاون، کیو آر اور ٹیپ ٹو فون حل، اور خاص طور پر ٹیئر-2 اور ٹیئر-3 شہروں میں ادائیگیوں کی قبولیت کے بنیادی ڈھانچے کو پھیلانے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کی اہمیت پر زور دیا اور اس سنگ میل کو بہتر تعاون کے لیے ایک مستقبل بین وژن تیار کرنے کے لیے استعمال کرنے پر اتفاق کیا، خاص طور پر پاکستان، چین اکنامک کوریڈور (سی پیک) کے تحت تعاون پر زور دیا گیا۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

2025ء میں 7 لاکھ سے زائد پاکستانی ملازمت کیلئے بیرون ملک گئے

بیورو آف امیگریشن نے بیرون ملک جانے والوں کا ڈیٹا جاری کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سال 2025ء میں 7 لاکھ سے زائد پاکستانی بیرون ملک ملازمت کے لیے گئے جن میں 18 ہزار 352 اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد بھی شامل ہیں۔ بیورو آف امیگریشن نے بیرون ملک جانے والوں کا ڈیٹا جاری کر دیا۔ 2025ء میں 7 لاکھ 62 ہزار 499 پا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

نئے مالی سال کا بجٹ، کاروباری برادری سے تجاویز طلب

ٹیکس تجاویز، بیک گراؤنڈ اور قوانین میں ترامیم کا جواز بھی دینا ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے مالی سال 27-2026ء کے بجٹ پر ایف بی آر فیلڈ فارمیشنز کے بعد اب کاروباری برادری سے بھی تجاویز طلب کر لیں۔ اس ضمن میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز، چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز اور تاجر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

شہید ملت ایکسپریس وے پر کام کے دوران سڑک پر کھائی کی گئی ہے

صنعتی علاقوں کی نگرانی کے لیے ٹاسک فورس قائم

مقصد صنعتی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا اور فیکٹری مالکان کو مکمل تحفظ فراہم کرنا ہے

کورنگی انڈسٹریل ایریا ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے کورنگی اور ملیر کے علاقوں میں درپیش سیکیورٹی مسائل سے ڈی آئی جی ایسٹ زون کو آگاہ کیا

کراچی (کامرس رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کی ہدایت پر قائم کردہ ٹاسک فورس کا پہلا اجلاس ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس کا مقصد صنعتی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا اور فیکٹری مالکان کو مکمل تحفظ فراہم کرنا ہیا جلاس میں ایس ایس پی ملیر، ایسٹ، کورنگی، ایس ایس پی ایس آئی او/سی آ ےاے، ڈی ایس پی کورنگی اور ایس ایچ او کورنگی انڈسٹریل ایریا نے شرکت کی۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا ایسوسی ایشن کے عہدیداران بھی اجلاس میں شریک ہوئے جن میں کاٹی کے صدر محمد اکرم راجپوت اور اعلیٰ عہدا داران شامل تھے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا ایسوسی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

پی آئی اے کا 650 ارب روپے قرض بلیک ہول ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

مینجمنٹ واجبات اور حکومتی ٹیکسز کی ادائیگی بروقت نہیں کر رہی تھی، جس کے باعث ادائیگیوں کا حجم بڑھتا گیا

مجموعی رقم 131.5 ارب روپے میں سے 115 ارب روپے اسکیم آف آربیٹریشن کے تحت ہولڈنگ کمپنی کو منتقل کیے جا چکے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی اے سی کا اجلاس سید نوید قمر کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں وزارت دفاع (ایوی ایشن ڈویژن) کی 2023-24 کی آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ لیفٹیننٹ جنرل محمد علی (ریٹائرڈ) نے آڈٹ رپورٹس میں اٹھائے گئے اعتراضات پر کمیٹی کو بریفنگ دی۔ انہوں نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ مختلف آڈٹ رپورٹس میں نشان زدہ زیادہ تر واجبات پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ کو منتقل کر دیے گئے ہیں۔ پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو نے کمیٹی کو بتایا کہ فنانس ڈویژن نے پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی میں منتقل کیے گئے واجبات کے بارے میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

بیٹے کا نام بھارتی سائنسدان اور بیٹی کا وڈیو گیم پر رکھا، ایلون مسک

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایلون مسک نے پہلی بار اپنے جڑواں بچوں کے ناموں کی وجہ بتا دی۔ ایلون مسک جو اپنی فیملی کو کم ہی دنیا کے سامنے متعارف کراتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

کمزور ہوتی زرعی برآمدات، وزیراعظم نے پانچ سالہ حکمتِ عملی تیار کرنے کی ہدایت کر دی

شہباز شریف نے اس ضرورت پر زور دیا کہ ملک کی زرعی پیداوار کو عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ برآمدات میں اضافہ ہو سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کی کمزور ہوتی زرعی برآمدات کو بحال کرنے کے لیے فیصلہ کن اقدام اٹھاتے ہوئے حکام کو ہدایت دی کہ وہ ایک جرات مندانہ پانچ سالہ حکمتِ عملی تیار کریں، اطلاعات کے مطابق نئے قائم کردہ ورکنگ گروپ کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

ساحلی پٹی پر پام آئل کی پیداوار کے لیے پالیسی تجاویز تیار کی جائیں، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متعلقہ حکام کو ساحلی پٹی کے ساتھ پام آئل کی پیداوار کے لیے پالیسی تجاویز تیار کر کے پیش کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

2025ء سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے باوجود افغانستان کی تجارت مضبوط

چاہ بہار بندرگاہ پر سامان کی نقل وحمل میں اضافہ، ازبکستان، ترکمانستان اور تاجکستان کے راستے زمینی تجارت کو وسعت دی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان کی تجارت 2025 میں بھی مضبوط رہی، حالانکہ پاکستان کے ساتھ اہم سرحدی گزرگاہوں کی بار بار بندش نے کاروبار میں خلل ڈالا۔ وزارت تجارت کے اعداد وشمار کے مطابق برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان نے بڑھتی ہوئی مشکلات کے پیش نظر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)



یوٹیوب سے سیکھ کر نوجوان نے لاکھوں ڈالر کی کمپنی بنالی

اس نوجوان نے مقامی تاجروں کو کم معاوضے پر خدمات فراہم کر کے اپنا کام متعارف کرایا

کینیڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان نے محض یوٹیوب سے ویڈیو ایڈیٹنگ سیکھ کر حیران کن کامیابی حاصل کی اور 14 لاکھ ڈالر مالیت کی کمپنی قائم کر لی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹوان لی نے نہ تو کوئی باضابطہ تعلیم حاصل کی اور نہ ہی کاروبار کا سابقہ تجربہ تھا، تاہم آن لائن ویڈیوز کی مدد سے اس نے ویڈیو پروڈکشن کے ہنر میں مہارت حاصل کی۔ ابتدائی طور پر اس نوجوان نے مقامی تاجروں کو کم معاوضے پر خدمات فراہم کر کے اپنا کام متعارف کرایا اور ایک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

کراچی پورٹ ٹرسٹ میں فیری ٹرمینل کا افتتاح

میری سروس کا آغاز پاکستان میں جدید، محفوظ اور پائیدار بحری مسافر ٹرانسپورٹ متعارف کرانے کے دیرینہ خواب کی تعبیر ہے

یہ پاکستان کی تاریخ میں جاری کیا گیا فیری سروس کا پہلا لائسنس ہے جو بحری شعبے کے لیے ایک تاریخی کامیابی ہے، وفاقی وزیر

کراچی (کامرس رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) میں فیری ٹرمینل کا افتتاح کر دیا۔ انہوں نے اس اقدام کو علاقائی اور ساحلی سیاحت کے فروغ اور پاکستان کی بلیو اکانومی (سمندری معیشت) کو مضبوط بنانے کی جانب ایک سنگ میل قرار دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ بحری سروس کا آغاز پاکستان میں جدید، محفوظ اور پائیدار بحری مسافر ٹرانسپورٹ متعارف کرانے کے دیرینہ خواب کی تعبیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سروس، جس کا آغاز رواں ماہ کے آخر میں متوقع ہے، وزیراعظم کے اس وژن کے عین مطابق ہے جس کا مقصد سمندری معیشت کی وسیع صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا اور بحری سرگرمیوں کو وسعت دینا ہے۔ جنید انور چوہدری نے مزید کہا یہ فیری سروس محض نقل وحمل کا ایک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

حیدرآباد میں درجہ حرارت 7 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا، شدید سردی میں صبح کے وقت دھند کا منظر

بجلی کے اوسط بنیادی ٹیرف میں ایک روپے 79 پیسے فی یونٹ اضافہ

جنوری سے فی یونٹ بجلی کے اوسط نرخ 33 روپے 38 پیسے مقرر کیے گئے، ملک میں نافذ العمل فی یونٹ بجلی کے اوسط بنیادی نرخ 31 روپے 59 پیسے ہیں

ڈسکوز کی مجموعی مالی ضرورت کا تخمینہ 3379 ارب روپے لگایا گیا ہے، جس میں 2923 ارب روپے بجلی کی خریداری کی قیمت شامل ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیپرا نے ڈسکوز کی درخواست پر بجلی کے اوسط بنیادی ٹیرف سے متعلق اپنا فیصلہ جاری کر دیا ہے، جسے وفاقی حکومت کو بھیجوا دیا گیا ہے۔ اس فیصلے کا اطلاق وفاقی حکومت سے منظوری کے بعد ہوگا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ نیپرا کے مطابق جنوری 2026ء سے فی یونٹ بجلی کے اوسط نرخ 33 روپے 38 پیسے مقرر کیے گئے ہیں جبکہ اس وقت ملک میں نافذ العمل فی یونٹ بجلی کے اوسط بنیادی نرخ 31 روپے 59 پیسے ہیں۔ نیپرا کا متعین کردہ نیا ٹیرف موجودہ ٹیرف سے ایک روپے 79 پیسے فی یونٹ زیادہ ہے۔ ذرائع کے مطابق ایک اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ جنوری 2026 سے بجلی کا اوسط قومی بنیادی ٹیرف 33 روپے 38 پیسے فی یونٹ مقرر کیا گیا ہے، جو مالی سال 26-2025 کے لیے پہلے سے مقررہ 34 روپے فی یونٹ کے ٹیرف سے 62 پیسے کم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

ترک کمپنیوں کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی زور پکڑنے لگی

یہ پیش رفت استنبول میں پاک، ترکیہ وژن برائے دوطرفہ اقتصادی تعاون کے عنوان سے رپورٹ کے اجراء کے موقع پر سامنے آئی

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) انقرہ میں پاکستانی سفارت خانے کے بی ان کے مطابق یہ پیش رفت استنبول میں پاک، ترکیہ وژن برائے دوطرفہ اقتصادی تعاون کے عنوان سے رپورٹ کے اجراء کے موقع پر سامنے آئی۔ تقریب کا انعقاد مشترکہ طور پر ڈی ای آئی کے اور پی ڈبلیو سی ترکیہ نے کیا جو ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے پرکشش مقام کے طور پر دوبارہ سرمایہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

رمضان سے قبل مارکیٹ میں استحکام کے تفصیلی جائزے کے لیے نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس

مجموعی مہنگائی کی شرح دسمبر 2024 کے 4.1 فیصد سے بڑھ کر دسمبر 2025 میں 5.6 فیصد ہوگئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس میں ملک میں مہنگائی کے رجحانات، بنیادی غذائی اشیا کی دستیابی اور رمضان سے قبل مارکیٹ میں استحکام کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

انجمن اخبار فروشاں، چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ انڈسٹریز اور تحریک انصاف کے رہنماؤں کا حیدرآباد پریس کلب کے منتخب عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

سوی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ نے آصف انعام کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا چیئرمین مقرر کر دیا

ایس ایس جی سی کی بنیادی سرگرمی سندھ اور بلوچستان میں قدرتی گیس کی ترسیل اور تقسیم ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (ایس ایس جی سی) نے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے طور پر آصف انعام کو مقرر کر دیا ہے۔ اس لسٹڈ توانائی کمپنی نے یہ معلومات پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جمع نوٹس کے ذریعے اپنے حصص داروں کو دی۔ نوٹس میں کہا گیا کہ ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ آصف انعام کو 05 جنوری 2026 سے سوی سدرن گیس کمپنی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

دہشتگردی کے بڑے منصوبے کی ناکامی حکومت سندھ اور پولیس کی بڑی کامیابی ہے، کاٹی

کراچی کو بڑی آفت سے بچانے پر وزیر داخلہ، آئی جی، ایڈیشنل آئی جی مبارکباد کے مستحق ہیں، اکرام راجپوت

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت، ایکسٹنگ پیٹرین ان چیف زبیر چھاپرا اور اولاء ۔ اینڈ آرڈر کمیٹی کے چیئرمین دانش خان نے مشترکہ طور پر کہا ہے کہ کراچی میں دہشت گردوں کے بڑے منصوبے کی بروقت ناکامی پر سندھ حکومت، پولیس اور سیکیورٹی اداروں کو بزنس کمیونٹی کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور اسے شہر کے امن و امان کے لیے ایک بڑی کامیابی قرار دیا ہے۔ صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

عائشہ منزل کے قریب ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انسداد تجاوزات مہم کے دوران دکان سیل کی جا رہی ہے

استعمال شدہ موبائل فونز کی درآمد پر پابندی عائد کر دی جائے گی، وزارت صنعت

یہ پالیسی صنعت وپیداوار سے متعلق وزیراعظم کے خصوصی معاون ہارون اختر خان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح اجلاس میں پیش کی گئی

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) وزارت صنعت و پیداوار نے موبائل اور الیکٹرانک ڈیوائسز مینوفیکچرنگ پالیسی 2026-33 کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی پالیسی کے تحت استعمال شدہ موبائل فونز کی درآمد پر پابندی عائد کر دی جائے گی۔ یہ پالیسی صنعت و پیداوار سے متعلق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

14 برس بعد ڈھاکہ سے براہ راست پرواز 29 جنوری سے بحال

یہ پیشرفت ایسے وقت میں سامنے آئی جب دونوں ممالک کے تعلقات میں گرمجوشی آ رہی ہے

مسافروں کو فی الحال دبئی اور دوحہ جیسے خلیجی مراکز کے ذریعے کنیکٹنگ فلائٹس استعمال کرنی پڑتی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلہ دیش اور پاکستان ایک دہائی سے زائد عرصے کے بعد براہِ راست پروازیں دوبارہ شروع کرنے جا رہے ہیں، ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق ڈھاکہ کی قومی ایئر لائن نے بتایا کہ بنگلہ دیش اور پاکستان ایک دہائی سے زائد عرصے کے بعد براہِ راست پروازیں دوبارہ شروع کرنے جا رہے ہیں، یہ پیشرفت ایسے وقت میں سامنے آئی جب دونوں ممالک کے تعلقات میں گرمجوشی آ رہی ہے اور علاقائی طاقت کا توازن بدل رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہاں بنگلہ دیش ایئر لائنز کی پہلی ڈھاکہ کراچی پرواز 29 جنوری کو شیڈول ہے جو ہفتے میں دو بار چلائی جائے گی۔ 2012ء کے بعد سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

70 برس بعد پلیٹ فارم کو جدید خطوط پر استوار کرنا وفاقی وزیر ریلوے کا قابل قدر کارنامہ ہے

جلد مزید اقدامات اٹھائیں جنگے سبب شہریوں اور مسافروں کو سہولیات اور آسانی میسر آ سکے گی، عادل خانزئی ایڈووکیٹ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیسوفک لائنز فورم پاکستان کے بانی وصدر عادل خان زئی ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں پاکستان ریلوے کے حوالے سے 'وفاقی وزیر پاکستان ریلوے محمد حنیف عباسی سیکرٹری پاکستان ریلوے مظہر علی شاہ اور ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ کراچی پاکستان ریلوے محمود الرحمٰن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

رواں مالی سال کی ششماہی، تنخواہ دار افراد نے 266 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا

ایف بی آر کو کم کر کے مقرر کیے گئے 6.5 ٹریلین روپے کے ٹیکس ہدف کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جولائی تا دسمبر کے عبوری اعداد وشمار کے مطابق سرکاری ونجی شعبے کے تنخواہ دار افراد کی جانب سے ادا کیا گیا ٹیکس اسی مدت میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے ادا کردہ ٹیکس سے دوگنا سے بھی زیادہ رہا۔ اعداد وشمار کے مطابق تنخواہ دار افراد نے 266 ارب روپے سے کچھ زائد انکم ٹیکس ادا کیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 23 ارب روپے یا 9 فیصد زیادہ ہے۔ یہ رقم بک ایڈجسٹمنٹس کے بغیر ہے۔ گزشتہ مالی سال میں بک ایڈجسٹمنٹس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

آئی آئی چندریگر روڈ پر مین ہول کھلا ہوا ہے جس سے کسی بڑے حادثے کا خدشہ ہے

مالی سال 26 کے پہلے پانچ ماہ، وفاقی حکومت کے قرضوں میں 345 ارب روپے کی کمی

مجموعی قرضوں، بشمول اندرونی اور بیرونی میں کمی واقع ہوئی اور یہ 77.543 ٹریلین روپے تک پہنچ گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی وفاقی حکومت کے قرضوں میں مالی سال 26 کے پہلے پانچ ماہ (جولائی تا نومبر) کے دوران 345 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی۔ اسٹیٹ بینک نے رپورٹ میں بتایا کہ نومبر 2025 کے اختتام تک پاکستان کے مجموعی قرضوں، بشمول اندرونی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

پاک، ایران تجارت کو فروغ ضروری اقدامات کیے جائیں، قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کی جانب سے وزارتِ تجارت کو ہدایت کی گئی ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کے لیے درپیش مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں وزارتِ تجارت نے دوطرفہ تجارت کی مجموعی صورتحال پر بریفنگ دی، جس میں حالیہ پیش رفت کے ساتھ ساتھ درپیش مسلسل چیلنجز کو بھی اجاگر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

کورنگی فشریز ہاربر اتھارٹی میں فوڈ پروسیسنگ اور ایکسپورٹ زون کے قیام کا اعلان

کراچی (کامرس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے کورنگی فشریز ہاربر اتھارٹی (کوہظا) میں 100 ایکڑ پر مشتمل سی فوڈ پروسیسنگ اور ایکسپورٹ زون کے قیام کا اعلان کیا، جس میں اندازاً 60 سے 80 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ یہ منصوبہ پاکستان کی سی فوڈ صنعت کو خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ، اعلیٰ قدر والے پروسیس شدہ مصنوعات کی جانب منتقل کرے گا، تاکہ ملک کی پوزیشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

رینجرز اور کسٹم انفورسمنٹ کا یوسف گوٹھ بس ٹرمینل پر چھاپہ

بھاری مقدار میں اسمگل شدہ نان کسٹم پیڈ ایرانی ٹائل پنی، برتن، کریم، ایرانی کیک، خشک دودھ، نمک، ٹائرز اور کپڑا برآمد کر لیا گیا

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے 100 فٹ روڈ یوسف گوٹھ بس ٹرمینل سے بھاری مقدار میں اسمگل شدہ نان کسٹم پیڈ ایرانی ٹائل پنی، برتن، کریم، ایرانی کیک، خشک دودھ، نمک، ٹائرز اور کپڑا برآمد کر لیا گیا۔ برآمد کی گئی نان کسٹم پیڈ اشیاء کو گوداموں میں چھپایا گیا تھا جس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)



چین: سائنس دانوں نے سستی اور محفوظ بیٹری تیار کر لی

یہ بیٹری تھیم سیلز کا سستہ اور محفوظ متبادل ثابت ہو سکتی ہیں

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی انجینئرز نے ایک نئی قسم کی سوڈیم اور سلفر بیٹری بنائی ہے جو تھیم سیلز کا سستہ اور محفوظ متبادل ثابت ہو سکتی ہیں۔ برقی آلات کی بڑھتی تعداد میں لیتھیم کو بطور اہم بیٹری میٹریل استعمال کیا جا رہا ہے۔ لیکن تھیم بیٹریوں کے گرم ہونے اور اس میٹریل کے حصول میں مسائل کی وجہ سے یہ بیٹریاں سیفٹی کو خطرہ اور مہنگی ثابت ہو رہی ہیں۔ دنیا بھر کے محققین ایسی بیٹری میٹریلز کی تلاش میں ہیں جو زیادہ بہتر اور مطلوبہ خصوصیات کے حامل ہوں۔ سوڈیم اور سلفر بیٹریاں تیار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

اسحٰق ڈار کی چین کے ایگزیکٹو نائب وزیراعظم سے ملاقات

دونوں فریقین نے پاکستان, چین آل ویدر اسٹریٹیجک شراکتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کو دہرایا

چینی نائب وزیراعظم نے پاکستان کی قیادت اور عوام کو نئے سال کی مبارک بھی پیش کی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحٰق ڈار نے بیجنگ میں چین کے ایگزیکٹو نائب وزیراعظم ڈنگ ژوژیانگ سے ملاقات کی، جس میں دونوں فریقین نے پاکستان, چین آل ویدر اسٹریٹیجک شراکتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کو دہرایا۔ اطلاعات کے مطابق اسحاق ڈار نے بیجنگ میں ڈنگ ژوژیانگ اور دیگر چینی عہدیداروں سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید گہرا کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم ڈنگ ژوژیانگ نے پاکستان کی چین کے اہم قومی مفادات کے امور میں مستقل حمایت کو سراہا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی: ایک بزرگ صبح کے وقت شدید دھند میں سڑک عبور کر رہا ہے

عالمی کمپنی ویزا پاکستان میں خدمات انجام دینے کے لیے پرعزم

یہ پیش رفت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ویزا کے ایک وفد کے درمیان ہونے والی اعلیٰ سطح کی ملاقات میں سامنے آئی

ویزا کے وفد نے پاکستان میں بینکوں، فن ٹیک کمپنیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں کے مشاہدات شیئر کیے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ادائیگیوں کی ٹیکنالوجی فراہم کرنے والی عالمی کمپنی ویزا نے پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے پھیلاؤ اور مالی شمولیت کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ پیش رفت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ویزا کے ایک وفد کے درمیان ہونے والی اعلیٰ سطح کی ملاقات میں سامنے آئی۔ ذرائع کے مطابق ویزا کے وفد کی قیادت سینئر نائب صدر یورپ، مشرقِ وسطیٰ اور افریقہ کے ریجنل صدر طارق محمود کر رہے تھے۔ جبکہ دونوں جانب سے پاکستان کی ڈیجیٹل تبدیلی کی رفتار کو تیز کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں خاص طور پر ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر، ادائیگیوں کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

یوکرین کے دارالحکومت کیف میں روسی حملے کے نتیجے میں تباہ ہونے والی عمارت، کار بھی نظر آ رہی ہے

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے،
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا